سہروردی

سلسلہ تنویر تصوف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلسلہ نمبر 11

زیر نگرانی

زین العارفین حضرت خواجہ ابو نصیر محمد نذیر غوری سہروردی قدس سرہٗ

سہرورد

ہر 4 ماہ بعد شائع ہوتا ہے

مدیر مسئول و سردبیر: سید اویس علی سہروردی

یکے از مطبوعات: سہروردیہ فاؤنڈیشن 2- افتخار سٹریٹ' شاکر روڈ' نیو مین آباد لاہور' پاکستان

قیمت فی شمارہ: 75 روپیہ' 5 ڈالر سالانہ: 300 روپیہ' 20 ڈالر

سہرورد میں تصوف کے مسائل و مضامین کے علاوہ فلسفہ اور کتابیات پر مقالات شائع کیے جاتے ہیں' علاوہ ازیں

- انہی عنوانات سے متعلق غیر متعارف رسائل کے مکمل متون
- شخصی کتاب خانوں کی فہرستیں یا کسی ایک کتاب کا تحقیقی مطالعہ
- مقالاجات ٹائپ شدہ یا خوشخط صفحہ کے ایک طرف لکھے ہوئے ہوں
- علمی کتابوں پر تبصرے کیلئے مدیر سہرورد کو دو نسخے ارسال کیے جائیں

سہرورد

سلسۂ تنویر تصوف

قیمت: 60 روپے
6 ڈالر
سالانہ چندہ: 300 روپے

فہرست

سہروردی (نمبر گیارہ)

سہروردیہ فاؤنڈیشن، ۳۵ رائل پارک، لاہور ۵۴۰۰۰

☆۔ مہر و ماہ : شعبان ۱۴۱۶ھ، جنوری ۱۹۹۶ء

☆۔ حروف چینی : احمد علی، گرافک ورلڈ

☆۔ صفحہ بندی : راشد قریشی سہروردی

☆۔ ترتیب : فرحان مدنی

☆۔ جز بندی : حسنین یوسفی

☆۔ سعی و اہتمام : سید محمد انیس

☆۔ محل نشر : **اورینٹل پبلیکیشنز**

۳۵ ۔ رائل پارک، لاہور ۵۴۰۰۰ فون: ۶۳۶۳۰۰۹

یک نکته که ما بوی ز اسرار نداریم

داریم ولی سینهٔ عطّار نداریم

هردم نفسی تازه زنیم و نخروشیم

ما شهرهٔ رفتن بسرِ دار نداریم

جنیدِ قبائیم نه حلّاج نوائیم

رنگی که چمن را فگند اظهار نداریم

در کاسهٔ ما نیست ولی یک درم عشق

در سینه بجز داغِ غمِ یار نداریم

[illegible]

یکم اگست ۹۵ء

رسالہ قطبیہ

رسالہ قطبیہ کے مصنف حضرت جمال الدین ابوبکر سہروردی ہیں انہوں نے یہ رسالہ اپنے بھائی اور شیخ حضرت عبدالجلیل چوھڑ شاہ بندگی سہروردی کے حالات میں لکھا ہے اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ دریائے راوی آپ کے دور میں لاہور ریلوے اسٹیشن والی جگہ سے بہتا تھا۔

چند دوسری معلومات کچھ یوں ہیں۔

مصنف کا پورا نام: جمال الدین ابوبکر ولد شیخ ابو الفتح حارثی الہاشمی القریشی الھنکاری ہے (ص۲)

نسب حضرت عبدالجلیل: شیخ عبدالجلیل بن شیخ ابو الفتح بن شیخ عبدالعزیز بن شیخ شہاب الدین بن شیخ نور الدین بن شیخ حاکم بن سلطان بہاء الدین بن سلطان قطب الدین بن سلطان رشید الدین بن سلطان ابو علی بن شیخ موسی بن شیخ ابو طاہر بن ابو الحسن علی بن شیخ محمد بن شیخ یوسف بن شیخ محمد بن شیخ عمر بن شیخ عبدالوہاب بن ابو سفیان بن حارث بن عبدالمطلب (ص ۳)

☆ آپ اپنے والد کے مرید و خلیفہ تھے اور ابتدائی تعلیم بھی آپ سے ہی حاصل کی۔ (ص۴)

☆ خرسان و عراق حصول علم کے لئے گئے۔ (ص ۵)

☆ بحکم سید عالم ﷺ آپ نے لاہور کے قصبہ کوٹ کروڑ میں سکونت اختیار کی۔ (ص ٦ ۔ ۵)

☆ حضرت شاہ رکن عالم سہروردی رحمت اللہ علیہ سے فیض حاصل کیا (اویسی) (۵)

☆ حضرت فریدالدین گنج شکر رحمت اللہ علیہ سے فیض حاصل کیا۔ (اویسی) (ص ٦)

☆ شیخ کاکو چشتی کے عہد میں آپ لاہور آئے۔ (ص ۱۰)

☆ بہلول لودھی کی بیٹی سے شادی ہوئی۔ (ص ۱۳)

☆ کوہ کانگڑہ بھی گئے۔

☆ قطب العالم اپنے لئے روزی خود مہیا کرتے آٹا خود ہی پیستے (۳۸)
☆ سردار بھوا بھٹی راجپوت مرید ہوا اور اپنی بیٹی آپ کے بیٹے بہاء الدین سے بیاہ دی۔ (ص ۴۲)
☆ کوہ سانگلا میں اپ معتکف رہے۔ (ص ۴۶)
☆ صاحب تذکرہ قطبیہ کی شادی سلطان بابک کی بیٹی سے ہوئی۔ (ص ۴۰)

رسالہ قطبیہ کی اشاعتیں:

رسالہ کی پہلی اشاعت حضرت غلام دستگیر نامی سہروردی رحمت اللہ علیہ کی کوششوں سے ۱۹۵۲ء میں ہوئی۔ موجودہ اشاعت اسی کا عکس ہے۔ ہم اس عکس کو حاصل کرنے کے سلسلے میں مشہور محقق و استاد جناب محمد اقبال مجددی مدظلہ کے بہت مشکور ہیں کہ انہوں نے اس کا عکس فراہم کیا۔

اصل کتاب میں خانقاہ جلیلیہ اور جامع مسجد کی تصاویر کے علاوہ کچھ دوسری تصاویر بھی ہیں وہ اس اشاعت میں شامل کرنے سے ہم قاصر ہیں کیونکہ ان کے پاز-ٹیو بنانے کے لئے کتاب کی جلد بندی کھولنا پڑتی اور یہ حرکت ایسی نایاب کتب کے ساتھ کسی طور موزوں نہ تھی۔

حضرت غلام دستگیر نامی حکیم مئی ۱۸۸۳ء / ۱۳۰۰ھ کو موضع رتہ پیراں ضلع شیخوپورہ میں پیر حامد شاہ کے گھر پیدا ہوئے۔ آپ نے ۱۹۰۳ء میں اسلامیہ ہائی سکول شیرانوالہ گیٹ (لاہور) سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ۱۹۰۵ء میں سرکاری ملازم ہو گئے لیکن حصول تعلیم میں برابر کوشاں رہے۔ آپ ایک عرصہ تک سنٹرل ٹریننگ کالج میں خزانچی وغیرہ رہے اور وہیں سے ۱۹۳۸ء میں ریٹائرڈ ہوئے۔ قبلہ نامی

☆ لودھیوں کے زمانہ میں افغان امراء کی عمارات خانقاہ سے متصل تھیں۔ (ص ۳۲)
☆ دولت خاں لودھی کی باولی یہاں سے نیم فرسنگ تھی (ص ۱۳۶)
☆ دریائے راوی کی گزرگاہ خانقاہ سے متصل تھی۔ (۹۲)
☆ حضرت شیخ موسیٰ اہنگر آپ کے خلیفہ تھے۔ (ص ۲۴)
☆ شیر شاہ سوری آپ کی دعا سے تخت نشین ہوا۔ (ص ۳۳)

☆ غازی خاں لودھی افغان سردار آپ سے ملا (۳۳ ـ ۳۲)
☆ سلطان سکندر لودھی آپ سے ملا۔ (ص ۱۱)
☆ خلیفہ جلال گوجر ولد ہانڈو گوجر مسلمان ہوا۔ اور اس کی تمام برادری بھی مسلمان ہوئی۔ (ص ۸)
☆ مصنف ابوبکر شیخ عبدالجلیل المعروف بہ شیخ چوہڑ شاہ کی بیعت ہوئے (ص ۳)
☆ شیخ احمد سندھی تائب و مرید ہوئے (ص ۱۴ ـ ۱۳)
☆ دوسرے خلفاء شیخ لدہا کمبو' شیخ مولا بخارو' شیخ جلال گوجر۔ (ص ۱۴)
☆ شیخ یونس کسیرہ: آپ دیپال پور کے تھے۔ خواب میں سید عالم ﷺ نے آپ کو قطب العالم کے سپرد کیا۔ لاہور میں آئے بیعت ہوئے۔ خلافت پائی۔ قصبہ شہاب الدین منج مضافات لاہور کو روانہ کیا۔ وہیں وفات پائی اور مزار ہے۔ (ص ۱۷ ـ ۱۶)
☆ شیخ مٹھہ سیاہ پوش: طواف کعبہ کے بعد بغداد آئے۔ شیخ الشیوخ رحمت اللہ علیہ کے مزار پر معتکف ہوئے۔ انہوں شیخ چوہڑ کی طرف روانہ کیا۔ لاہور آئے بیعت ہوئے۔ خرقہ پایا۔ مزار راوی کے کنارے ہے۔ (ص ۱۷)
☆ خلیفہ شیخ موسیٰ اہنگر نے ابتدا میں شہر اللہ بن شیخ یوسف سجادہ نشین بہاء الدین ذکریا سے فیض پایا پھر ملتان سے لاہور آئے (ص ۲۵)حضرت نے دو بیگہ زمین خانقاہ کے قریب دی۔ وہیں مدفون ہیں۔ (ص ۲۶ ـ ۲۵)
☆ ہندو راہب اور خاندان سلہری مسلمان ہوئے (ص ۱۱۷)
☆ جامع مسجد بنوائی (ص ۳۷)☆ علما وقت کو کعبہ بے حجاب دکھایا۔ (ص ۳۸)

صاحب کو حضرت عبدالجلیل قطب عالم چوھڑ شاہ بندگی کے داماد سلطان بہلول لودھی کی اولاد سے ہونے کا فخر حاصل ہے۔ آپ کے ماموں پیر محمد اشرف عالم شاہ رحمت اللہ علیہ اپنے بعد آپ کو خانقاہ و اوقاف کا متولی مقرر کرنے کی وصیت کر گئے تھے۔ چنانچہ آپ نے درگاہ جلیلہ کا انتظام بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیا اور اس کے علاوہ اپنے بزرگوں کی قلمی تالیفات مثلاً" تذکرہ قطبیہ' تذکرہ حمیدیہ' اذکار قلندری' قصائد قلندری' دیوان قلندر شاہ اور نامہ مراد وغیرہ شائع کروا کے مفت تقسیم کیں۔ اس کے علاوہ تاریخ جلیلہ جس میں اپنے بزرگوں کے حالات لکھے دو مرتبہ شائع کروائی۔ آپ نے تقریباً" سو کے قریب کتابیں اور رسائل تصنیف کیئے۔

مخدوم اہل سنت حضرت حکیم محمد موسیٰ امرتسری دام برکاتہ نے راقم السطور سے فرمایا کہ رسالہ قطبیہ ۱۹۵۲ء میں شائع ہوا اور اسی سال ان سے میری پہلی ملاقات ہوئی۔ کتاب جب شائع ہو گئی تو آپ وہاں سے آٹھ دس نسخے لے آئے اور انہیں دوستوں میں تقسیم کر دیا۔ کچھ مدت بعد جب بقیہ کتابیں اٹھوانے پریس پہنچے تو معلوم ہوا کہ باقی تمام کتابیں کسی وجہ سے ضائع ہو چکی ہیں۔ چنانچہ وہی آٹھ دس کتابیں کچھ لوگوں کے پاس ہیں۔

حضرت قبلہ حکیم صاحب مدظلہ نے فرمایا کہ ناہی صاحب کا کتاب خانہ بہت عمدہ تھا مگر آپ کی اولاد کی بے توجگی کی وجہ سے ضائع ہو گیا۔ کتاب خانہ کی چھت گری مگر کسی نے نیچے سے کتابیں نہ نکالیں جبکہ بارشوں نے رہی سہی کسر بھی نکال دی اور کتابیں مٹی کے ساتھ مل کر مٹی ہو گئیں افسوس کہ ایک قیمتی کتاب خانہ ضائع ہو گیا۔

رسالہ قطبیہ کے اردو ترجمے کے لئے برادرم مولانا غلام حسن سہروردی سے رجوع کیا ہے امید ہے سہرورد کی کسی اگلی اشاعت میں شائع کر دیا جائے گا۔

میں رسالہ قطبیہ کی عکسی اشاعت کے سلسلے میں جناب محمد اقبال مجددی مدظلہ کا ایک بار پھر مشکور ہوں۔

سید اویس علی سہروردی

تذکرۂ قطبیہ

یعنی

اذکارِ قطب العالم حضرت عبد الجلیل چوہڑ شاہ بندگی لاہوری عظمہ اللہ تعالےٰ

(متوفی سنہ ۹۱۰ھ)

دامادِ سلطان بہلول لودھی۔

تصنیفِ حضرت جمال الدین ابو بکر اکبرآبادی

شائع کردہ نامی متولی

۱۳۷۱ھ/۱۹۵۲ء

دیباچہ
تذکرۂ قطبیہ

محمد شجاع الدین
پروفیسر دیال سنگھ کالج لاہور

برِصغیر ہند و پاکستان میں مسلمانوں کے دورِ عروج کی تاریخ کے مختلف ماخذوں میں اولیائے کرام کی سوانح عمریاں اور انکے ملفوظات کے مجموعے نمایاں حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کتابوں سے اس دور کی مذہبی اور تمدنی زندگی کے متعلق بیش بہا معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ اور بعض اوقات ان کی مدد سے ایسے تاریخی عقدے حل ہوتے ہیں۔ جنکی وضاحت میں دوسرے ماخذ ناکام رہتے ہیں۔

مگر افسوس ہے کہ اس نوع کی اکثر کتب یا تو سجادہ نشینوں کے ہاں ان کی لاپروائی، اور جہالت کے سبب کنجِ خمول میں پڑی دیمک کی نذر ہو رہی ہیں اور علمائے تاریخ کی دسترس سے باہر ہیں اور یا خود اربابِ تحقیق

انہیں درخورِ اعتنا نہیں سمجھتے۔

کچھ عرصہ ہوا مجھے مخدوم غلام دستگیر صاحب نامی (اولادِ متولی وقفِ درگاہ حضرت قطبِ عالم شیخ عبد الجلیل المتوفی سنہ ۹۱۰ھ ۱۵۰۴ء) کے کتب خانہ میں تذکرۂ قطبیہ کا ایک مخطوطہ دیکھنے کا اتفاق ہوا اور اس سے مجھے لودھیوں کے دور کے تمدن اور تاریخ کے متعلق بہت سی دلچسپ معلومات حاصل ہوئیں۔

نامی صاحب کے علمی مذاق سے ایک زمانہ آشنا ہے اور ان کی ادبی سرگرمیاں محتاجِ تعارف نہیں ہیں۔ انہوں نے بہت سی کتابیں شائع کی ہیں۔ جن میں سے اکثر ان کے اپنے نامدار اسلاف کی تالیفات و تصنیفات ہیں۔ ان کے خاندان سے ہمارے کئی پشتوں سے محبانہ اور مخلصانہ روابط و مراسم چلے آتے ہیں۔ لیکن اس خاندانی روایت کے علاوہ ان کے علمی ذوق کے پیشِ نظر بھی مجھے اُن سے مل کر بیحد مسرت ہوتی ہے۔

مَیں نے نامی صاحب سے کہا۔ کہ تذکرۂ قطبیہ کو بھی وہ اپنی بعض دیگر خاندانی کتب کی طرح حلّۂ طبع سے آراستہ و پیراستہ کر کے منظرِ عام پر لائیں۔ انہوں نے جواب دیا کہ اس کتاب میں چونکہ حضرت قطبِ عالم رحمۃ اللہ تعالےٰ کی کرامات ہی کا ذکر ہے۔ اس لیے شاید موجودہ زمانے کے لوگ اسے پسند نہ کریں اور کتاب بجائے مقبول ہونے کے اعتراضات کا ہدف بنے۔

میں نے اپنی رائے پر اصرار کیا۔ کہ اگرچہ اس میں محض کرامات ہی کا تذکرہ ہے۔ لیکن ان کے ضمن میں بہت سی تاریخی معلومات بھی اس سے اخذ ہوتی ہیں۔ لہذا اس کتاب کا طبع ہونا ازبس ضروری ہے۔ میرے اس اشتیاق اور پیہم گذارشات پر مخدوم صاحب نے اوقاف کی آمدنی سے اس کتاب کو شائع کرنے کا فیصلہ کیا اور اب یہ کتاب آپ کے ہاتھ میں ہے

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر می خواست
آخر آمد ز پسِ پردۂ تقدیر پدید

اوقاف کی آمدنی کا اس سے بہتر مصرف اور کیا ہو سکتا ہے کہ یہ بزرگانِ خاندان کے رشحاتِ قلم کی اشاعت پر صرف ہو۔ اس کارِخیر کے لئے اللہ تعالٰے ناتی صاحب کو اور ان کے مرحوم و مغفور ماموں حضرت محمدؐ اشرف عالم شاہ علیہ الرحمہ کو (جنھوں نے بزرگانِ خاندانِ جلیلہ کا نام زندہ رکھنے کے لیئے دو لاکھ کی جائداد لاہور میں وقف کی) جزائے خیر دے۔

معجزات و کرامات

میں انبیائے عظام کے معجزوں اور اولیائے کرام کی کرامتوں کو برحق سمجھتا ہوں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ محض معجزات و کرامات ہی کسی شخص کی نبوت و ولایت کی دلیل نہیں ہیں۔ خرقِ عادت اور استدراج ایک کافر و مشرک سے بھی ممکن ہے۔ اس لئے کسی شخص کے واصل

بالحق ہونے کا انحصار اس امر پر ہے کہ اتباعِ احکام شریعت میں اسکا کیا مقام ہے اور استحکامِ دینِ متین کے لئے اس نے کیا کام کیا ہے۔

بمصطفےٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر بہ او نرسیدی تمام بولہبی ست (اقبال)

حضرت عبدالجلیل رحمۃ اللہ علیہ ایک مقتدر بزرگ تھے۔ ہم ان کا احترام ان کی حق پرستی کے سبب کرتے ہیں۔ ان کی عمر تبلیغ اسلام اور اصلاحِ مسلمین میں گذری۔ پنجاب کے متعدد راجپوت قبیلے انکی مساعی سے حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے۔

لہذا اُن کو ایک واجب الاحترام ولی اللہ قرار دینے کے لئے محض ان کی کرامات ہی کا تذکرہ ضروری نہیں۔ ہاں اللہ تعالیٰ اپنے اولیاء کو ایسی روحانی طاقت ضرور عطا کرتا ہے کہ ان کے بعض افعال ہماری کوتاہ بین نگاہوں کو خرقِ عادت معلوم ہوتے ہیں۔

مؤلفِ کتاب۔

تذکرۂ قطبیہ کے مؤلف شیخ جمال الدین ابوبکر بن ابوالفتح رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ جو قطبِ عالم شیخ عبدالجلیل رح کے مرید۔ خلیفہ اور چھوٹے بھائی تھے۔ شیخ طریقت نے اپنی وفات سے کچھ عرصہ قبل اپنے بعض خلیفوں کو مختلف شہروں کی طرف روانہ کیا۔ چنانچہ شیخ ابوبکر رح کو حصار فیروزہ بھیجا گیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں آپ کچھ عرصہ کے لیے لاہور واپس

آ گئے تھے۔ چنانچہ کتاب زیرِ بحث تذکرۂ قطبیہ (صفحہ ۹۳) سے
معلوم ہوتا ہے کہ بابر کے عہد میں (۱۵۲۶ء تا ۱۵۳۰ء) خانقاہِ
جلیلہ میں آپ طالبانِ حق کو علوم ظاہری و باطنی سے بہرہ ور کرنے میں
مشغول تھے۔ اور اسی زمانہ میں سید علی غازی رح آپ سے فیض یاب
ہوئے اور اس کے بعد میں آپ آگرہ چلے گئے اور وہیں غالباً شہنشاہ
سوری کے زمانے میں فوت ہوئے اور آگرے کی ایک نواحی بستی جوگی پورہ
میں دفن ہوئے۔ نامی صاحب نے آگرہ جاکر دریافت کیا۔ تو جو موقع
انہیں دکھایا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ کئی برس پہلے انگریزی دور ہی
میں آپ کے مقبرہ پر ایک ہندو قابض ہوگیا تھا۔ جس نے تعویذ
قبر کو اکھاڑ کر الگ پھینک دیا۔ اور ملحقہ مسجد اور مقبرہ کی عمارت کو سکونتی
مکان میں تبدیل کر لیا تھا۔ آپ دوسری دفعہ آگرہ گئے۔ تو پتہ چلا کہ
وہ ہندو تباہ و برباد ہو چکا ہے۔ مگر مولوی سعید احمد صاحب مارہروی
مولف بوستانِ اخیار نے لکھا ہے کہ آپ کا مزار فتح پور سیکری کی پختہ
سڑک سے جنوب کو مابین میل ۳ و ۴ واقع ہے (مفصل بیان ضمیمہ تاریخ
جلیلہ صہ ۲ میں منقول ہے)

۱۰۲۲ھ

۱۱ محمد غوثی نے اپنی کتاب اذکار ابرار (تالیف ۱۰۱۴ھ عہد جہانگیر)
میں شیخ ابوبکر رح .... کا ذکر کیا ہے۔ اصل فارسی کتاب تو غیر مطبوعہ
ہے۔ لیکن اس کا اردو ترجمہ مفید عام پریس آگرہ میں چھپ چکا ہے۔
جس کا صفحہ ۲۲۶ شیخ موصوف کے ذکر سے مالامال ہے۔ علاوہ ازیں

اس کی نقل ناتی صاحب تاریخ جلیلہ کے صفحہ ۱۸۰ و ۱۸۱ میں درج کر چکے ہیں
شیخ جمال الدین ابو بکر رحمہ نے حسب بیان ملا غوثی اور مولوی سعید احمد
صاحب وصایائے امام محمد اور اصول بزدوی کی ایک نکتہ آرا اور حل المشکلات
شرح لکھی ہے۔ اصل کتاب بزدوی مطبوعہ مصر ۱۳۰۷ھ کے سرورق پہ لکھا
ہے۔ "عبد العزیز بن احمد بن محمد بخاری شارح کتاب کشف الاسرار اصول
فخر الاسلام ابو الحسن علی بن محمد بن حسین بزدوی۔ یہ عربی کتاب کتب خانہ مرکزی
حزب الاحناف لاہور میں موجود ہے)

حضرت قطب عالم شیخ جمال الدین ابو بکر رح اور اس خانوادۂ عالیہ کے
دیگر بزرگوں کے حالات ناتی صاحب کی ضخیم تالیف تاریخ جلیلہ (مطبوعہ
لاہور ۱۹۳۷ء) میں ملیں گے۔

لودھی امرا کی عمارات۔

تذکرۂ قطبیہ سے بہت سی تاریخی معلومات اخذ ہوتی ہیں۔ اس سے
معلوم ہوتا ہے کہ لودھیوں کے زمانہ میں خانقاہ جلیلہ کے متصل افغان
امرا کی عمارات تھیں۔ غازی خاں لودھی کا تالاب اس کے قریب تھا۔
(تذکرۂ قطبیہ ص ۳۲) دولت خاں لودھی کی باولی یہاں سے نیم فرسنگ
کے فاصلے پر تھی (صفحہ ۱۳۶) ان میں سے دولت خاں کی باولی اور
اس کے متصل ایک پرانی عید گاہ کا ذکر داراشکوہ نے بھی کیا ہے معلوم
ہوتا ہے کہ یہ عید گاہ بھی لودھیوں کے دور میں زیر استعمال تھی۔ اور

شاہ جہان کے زمانے میں محلہ مغل پورہ کے قریب بازار تربپولیہ میں جہانگیر[1] کی بنوائی ہوئی عید گاہ کی موجودگی میں پرانی عید گاہ کہلاتی تھی۔

تذکرۂ قطبیہ ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ افغان امرا کی عمارات کو بابر کے حملۂ لاہور کے دوران میں نقصان پہنچا اور بعدازاں اس نواح میں اس نے عام لوگوں کو بسا دیا۔

راوی کی ایک قدیم گذرگاہ

تذکرۂ قطبیہ سے دریائے راوی کے ایک قدیم راستے کا پتہ چلتا ہے۔ یہ تو ظاہر ہے کہ پنجاب کے دریا راستہ بدلتے رہتے ہیں اور دورِ مغلیہ میں دریائے راوی وہاں نہ بہتا تھا۔ جہاں آج کل بہتا ہے۔ بلکہ اس کی گذرگاہ قلعۂ شاہی اور شاہی مسجد کے متصل تھی۔ شیراں والے دروازے کا نام اس وقت خضری دروازہ تھا۔ اور اس کے قریب دریا کو عبور کرنے کا عوامی گھاٹ تھا۔ اورنگزیب کے زمانہ میں دریا نے یہ راستہ ترک کرنا اور کنارۂ دریا کی متصلہ عمارتوں کو نقصان پہنچانا شروع کیا۔ اس لئے شہنشاہ نے بندِ عالمگیر[2] تعمیر کرایا۔ یہ بند قلعہ

---

[1] تحقیقات چشتی صفحہ ۶۳۹ و ۶۴۰۔

[2] خلاصۃ التواریخ سجان رائے بٹالوی ص۶۵۔ عبرت نامہ مفتی علی الدین روٹوگراف پنجاب یونیورسٹی لائبریری ورق ب ۳۴۔

شاہی سے لے کر شالامار باغ تک شہر کے شمال میں واقع تھا۔ بند کی تعمیر کے بعد دریا نے آہستہ آہستہ اپنی وہ گذرگاہ چھوڑنی شروع کی۔ اور اپنے موجودہ راستہ متصلہ شاہدرہ کو اختیار کر لیا۔

رنجیت سنگھ کے زمانہ میں لاہور کے متصل دریا تین حصوں میں تقسیم ہو کر تین مختلف راستوں سے گزرتا ہوا آگے بڑھ کر پھر ایک ہو جاتا تھا۔ چنانچہ مشہور فرنگی سیاح مسٹر ولیم مورکرافٹ نے اسے شہر سے شاہدرہ جاتے ہوئے تین جگہ عبور کیا۔ واضح رہے کہ دریائے راوی لاہور کے دو سمت یعنی شمال اور مغرب میں بہتا ہے۔ دور مغلیہ میں یہ شاہی مسجد کے قریب بل کھا کر شہر کی مغربی جانب گھوم جاتا تھا۔

تذکرۂ قطبیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت قطب عالم رح کی زندگی میں دریائے راوی کی گذرگاہ ان کی خانقاہ کے متصل تھی۔ حضرت مولا بایزید خلف قاضی رفیع الدین سکنہ ماچھلہ کے مزار کے ذکر میں (صفحہ ۹۲) پر مرقوم ہے کہ یہ مزار خطۂ کوٹ کروڑ (یعنی علاقۂ خانقاہِ جلیلہ) اور مزار شاہ کاکو (یعنی مسجد شہید گنج لنڈا بازار) کے درمیان "دریائے راوی کے کنارے" واقع ہے۔ حالانکہ آج اس نواح میں دریا کی گذرگاہ کا پتہ پوچھنے والے پر دیوانگی کا احتمال

ا۔

کیا جائے گا۔

معلوم ہوتا ہے کہ حضرت قطب عالم رحمۃ اللہ علیہ ہی کی زندگی میں دریا نے یہ راستہ ترک کرنا شروع کر دیا۔ چنانچہ آپ کے حجرہ اور موضع پنج ڈھیرہ[1] سے دریا کے دور ہٹ جانے کو صاحب تذکرہ نے آپ کی کرامت پر محمول کیا ہے (ص ۶۱)

یہ راستہ چھوڑ کر دریا نے شاہی قلعہ کے متصل بہنا شروع کیا ہو گا لیکن معلوم ہوتا ہے کہ دورِ مغلیہ میں درگاہِ جلیلہ کے متصلہ راستے پر ایک نالہ بہتا رہا۔ جو غالباً بند عالمگیری کی تعمیر کے بعد معدوم ہو گیا ہو گا۔

گذشتہ اور موجودہ[2] صدی کے تمام مورخینِ لاہور اس سے بے خبر معلوم ہوتے ہیں۔

---

[1] پنج ڈھیرہ۔ لاہور کے مشہور گورستان میانی کا پرانا نام ہے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت قطب عالم کے زمانے میں یہاں آبادی تھی۔ پانچ قدیمی ٹیلوں پر آباد ہونے کی وجہ سے یہ موضع پنج ڈھیرہ کہلاتا تھا۔ نیز دیکھو تحقیقات چشتی ص ۱۲۳ و ما بعد۔ [2] یعنی مفتی علی الدین۔ مفتی تاج الدین نور احمد چشتی۔ تھارنٹن صاحب۔ مفتی غلام سرور۔ رائے بہادر کنہیا لال۔ سید محمد لطیف۔ منشی محمد الدین فوق اور ڈاکٹر محمد باقر وغیرہ۔

اکبر نے اپنے ایک ترک درباری بایزید خاں بیات کو ۹۹۹ھ ۱۵۹۱ء میں تین بیگہ زمین حویلی[1] کی تعمیر کے لئے "در محلۂ شیخ کاکو متصل بمقبرۂ حضرت پیر فتوح شیخ موسیٰ آہن گر[2]" مرحمت کی اور آٹھ نو ہزار روپیہ تعمیر عمارات کے لئے عطا کیا۔ بایزید نے یہاں حویلی باغ اور حمام وغیرہ عمارتیں بنوائیں۔ وہ لکھتا ہے۔ "دراں محل نالہ بود کہ توفیق یافتہ بسرِ چشمہ نیز پل بستہ" خواجہ محمد قاسم مشہدی متوفی کا تصنیف کردہ ذیل کا قطعہ تاریخ "در سنگ کندہ" "در دیوارِ جانب قبلہ پل" لگایا گیا۔

در زمانِ شہنشہِ عادل	خسروِ تاج بخش اکبر شاہ
آفتابے کہ بر فلک ہر شب	ماہ از بہرِ او زند خرگاہ۔
خدمتِ بایزید سلطاں ساخت	ایں پل از خود نیاز لطفِ الہ
شد زبانی پلِ رضا چو حفیظ	سالِ تاریخش از حفیظ بخواہ

پل بعد ازاں پل بایزید کہلاتا تھا۔ اس کے متعلق ۹۹۸ھ مجھے آخری تاریخی

---

[1] اکبر کے ایما پر بایزید نے ایک کتاب تالیف کی۔ جو "تذکرۂ ہمایوں و اکبر" کے عنوان سے بنگال رائل ایشیاٹک سوسائٹی نے ۱۹۴۱ء میں بمقام کلکتہ شائع کی۔ دیکھئے اسکے صفحات ۳۷۴ و ۳۷۵

[2] شیخ موسیٰ آہنگر حضرت قطب عالم کے مرید اور خلیفہ تھے۔ دیکھو تذکرہ قطبیہ (صفحہ ۲۴) ان کا خوبصورت مقبرہ خانقاہِ جلیلہ کے متصل ہے۔

حوالہ ۲۳؁ کا ہے (اس کے لئے راقم الحروف کا مقالہ "یادداشت عرسہائے بزرگانِ لاہور" ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین بابت فروری ۱۹۴۷؁ میں دیکھئے)

موضع ہانڈو گوجر

مضافات لاہور میں شالامار باغ سے کچھ فاصلے پر موضع ہانڈو گوجر نام گوجروں کا ایک گاؤں ہے۔ یہاں کے گوجر صدیوں سے لاہور کے شیر فروشوں کو دودھ مہیا کرتے رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ہانڈو گوجر جس کے نام پر یہ قدیم تاریخی گاؤں آباد ہے غیر مسلم تھا۔ اس کا لڑکا جلال گوجر بروایتِ تذکرۂ قطبیہ (ص ۹) حضرت قطب عالم رح کے اثر سے مسلمان ہوا۔ اور اس نے روحانی کمال حاصل کیا۔

شیخ جلال کے اثر سے ان کی تمام برادری حلقہ بگوش اسلام ہو گئی ان کا مزار اب تک موضع ہانڈو گوجر کے متصل واقع ہے۔

دورِ مغلیہ میں موضع ہانڈو گوجر کے متصل ایک شاہی شکار گاہ تھی۔

الغرض اس کتاب سے اور بھی بہت سی معلومات حاصل ہوئیں۔ جنہیں بخوفِ طوالت اب بیان نہیں کیا جا سکتا۔

زمانۂ تالیف کتاب۔

کتاب تذکرۂ قطبیہ میں آخری حوالہ (ص ۳۳) شیرشاہ کے تختِ سلطنت پر حضرت قطب عالم کی دعا سے متمکن ہونے کے متعلق ہے بیان کیا جاتا ہے کہ سریر آرائے سلطنت ہونے کے بعد وہ آپ کے مزار پر آیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ کتاب شیرشاہ سوری کے زمانۂ حکومت میں (۱۵۴۰ء تا ۱۵۴۵ء میں) لکھی گئی۔ بخوفِ طوالت اُن الفاظ پر میں اپنا یہ تبصرہ ختم کرتا ہوں۔

جمعرات ۱۳ ذی الحجہ ۱۳۷۱ھ
مطابق ۴ ستمبر ۱۹۵۲ء

محمد شجاع الدین
استاذِ علم تاریخ
دیال سنگھ کالج لاہور۔

نوٹ از نامیؔ۔

میں پروفیسر صاحب کے دیباچہ پر اور کیا اضافہ کروں "میری تاریخ جلیلہ" پوری معلومات کی حامل ہے اور اس کتاب (تذکرۂ قطبیہ) میں بھی فارسی دان اصحاب کے لئے کافی ذخیرہ موجود ہے۔ ہاں اتنا بتا دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ حضرت عبدالجلیل قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ

سنہ ۸۵۵ھ ۱۴۵۲ء کے قریب مومبارک سے لاہور تشریف لائے اور تیس سال بعد وفات پاکر اپنی مشہور خانقاہ میں دفن ہوئے۔ جس کی غور و پرداخت سنہ ۱۳۱۹ھ ۱۹۰۱ء سے میرے ذمے ہے۔ میں نے جو خاص مزار اور اس کے گرد و پیش کی عمارات اور مسجد وغیرہ کی تعمیر اور آبادی کی کوشش کی ہے۔ اور بزرگوں کے حالات سے لوگوں کو آگاہ کیا ہے۔ وہ میری شائع کردہ کتب (تاریخ جلیلہ۔ تبرک عرس۔ گلدستۂ حمد و ثنا۔ تبرک کلام گلزارِ حاکمی۔ نامۂ مراد۔ دیوانِ قلندر شاہ اور تذکرۂ قطبیہ وغیرہ) کے مطالعہ سے واضح ہوگا۔ ثنائے خود بخود گفتن نہ زیبد مرد عاقل را۔

خانقاہِ قطب العالم رح تقریباً پونے پانچسو برس سے قائم ہے۔ اس کے گرد جو مقامات تھے۔ وہ بدلتے رہے۔ اب اس کے شمال کی ایک طرف ریلوے پولیس لائنز ہیں۔ اور کھلا میدان مملوکہ محکمہ تعمیرات عامہ مغرب کی طرف عقبِ مسجد جلیلہ وقف زمین کا ایک قطعہ جس پر کچے مکانات کرایہ پر ہیں۔ اور وہی کھلا میدان۔ جنوب اور مشرق کی طرف حضرت اشرف کی وقف کردہ زمین جس کے کچے اور پکے مکانوں میں کرایہ دار رہتے ہیں۔ پختہ مکانوں کی تہ زمینی کا اور کچے مکانوں کا کرایہ قیام و بحالی خانقاہِ جلیلہ و بقائے نام بزرگانِ خاندان پر خرچ کیا جاتا ہے۔ وقف اراضی تقسیم ملک سے پہلے لاہور امپرومنٹ ٹرسٹ نے کرایہ پر لی تھی۔ مگر قبضہ نہیں لیا۔ اب کرایہ بھی بڑھ گیا ہے اور ہاؤس ٹیکس بھی۔ اس لئے شرائط تبدیل کرنی پڑیں گی۔ نامی ۹/۵۲-۱۲ء = ۱۲/۷۱-۲۱ھ

حضرت قطب العالم رح کے بڑے بیٹے حضرت ابوالفتح کی اولاد لاہور۔ رتہ پیراں۔ کوٹلی پیراں۔ قلعہ مسینا اور بھٹے وڈ (جس میں آٹھ مربعے اراضی بتولیت نامی وقف ہے) تحصیل شاہدرہ میں اور چھوٹے فرزند بہاؤالدین رح کی قریب بانوالہ۔ پیرکوٹ۔ بھگوتی۔ گنجی پیراں۔ پنڈی پیراں۔ بنی پور پیراں۔ تحصیل ننکانہ میں اور چک نمبر ۵ تحصیل چیچا وطنی ضلع منٹگمری میں مالک اور آباد ہے۔ علاوہ اِن دیہات کے اولادِ قطب العالم رح موضع جلال پور تحصیل شکرگڑھ۔ موضع رتیاں وملکپور و باغ ڈھلیسر تحصیل شاہدرہ اور موضع اڈیل اور سوررڑ تحصیل ننکانہ۔ ضلع شیخوپورہ کی بھی مالک ہے اور عام طور پر اِن مواضعات کی نمبرداریاں بھی اولادِ حضرت رح سے ہی متعلق ہیں۔ سب اہل سنت والجماعت ہیں۔ افسوس ہے کہ حضرت قطب العالم رح کے بھائیوں کی اولاد کا سلسلہ منقطع ہوگیا ہے۔

حضرت قطب العالم رح۔ حضرت سلطان حمیدالدین حاکم رح کے خلفِ اکبر شیخ نورالدین رح کے پوتے (شیخ عبدالعزیز بن شیخ شہاب الدین رح) کے پوتے ہیں۔ والد بزرگوار کا نام شیخ ابوالفتح رح ہے سلطان حاکم رح کے دوسرے فرزند شیخ تاج الدین رح کی اولاد قصبہ مومبارک وغیرہ ریاست بہاولپور اور موضع پنڈی شیخ موسے رحمتہ اللہ علیہ ضلع لائل پور میں بڑی صاحب حیثیت ہے اور ضلع جھنگ کے کئی دیہات میں شیخ نورالدین رح کی اولاد بطور مالک آباد ہے۔ اولادِ سلطان حاکم رح کے مریدوں کا حلقہ پنجاب اور سندھ میں بڑا وسیع ہے۔

تذکرۂ قطبیہ

یعنی

اذکارِ قطب العالم حضرت عبد الجلیل چوہڑ شاہ بندگی لاہوری عظمہ اللہ تعالیٰ

(متوفی سنہ ۱۵۰۴ء)

سالِ تالیف حدود سنہ ۹۲۷ھ / ۱۵۲۰ء تا ۹۵۲ھ / ۱۵۲۵ء

تصنیف حضرت جمال الدین ابابکر آگروی

شائع کردہ:- نامی متولی

سنہ ۱۹۵۲ء

رب یسّر — وتمم بالخیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

حمد و سپاس آں قادرے را کہ کارخانۂ موجودات بیک امر کن فیکون
ساخت و بنیاد برآب نہاد و آخر الامر بر باد خواہد داد۔ بیت

جہاں برآب نہاد است زندگی بر باد
غلام ہمت آنم کہ دل بریں نہ نہاد

و درود محمود بر خاتم النبیین والمرسلین و علیٰ آلہ و اصحابہ اجمعین الطیبین وسلّم
تسلیماً کثیراً کثیراً۔

اما بعد۔ می گوید داعی کافۂ اہل اسلام جمال الدین ابوبکر بن شیخ
ابوالفتح حارثی الہاشمی القریشی الہنکاری کہ چوں ایں فقیر را خلافتِ ظاہری و باطنی
بہ خدمتِ برادرِ خود حضرت سلطان العاشقین قطب العالمین شیخ عبد الجلیل
معروف شیخ چوہڑ حارثی القریشی الہنکاری آلِ رسول اللہ الہاشمی بود۔ مدتے
در خدمتِ آں یگانۂ روزگار بسر مے بردم و دقائقِ حقائق از و فہم کردم و
از کرامات و تصرفاتِ او شمہ بروئے قلم آوردم تا نقاب کشائے قلوبِ
طالباں باشد و نیز چنانچہ شیخ الاولیاء شیخ فرید الملت والدین والشرع
می نویسد کہ زہے طالع آں مرید کہ خواص اخلاص آثار پیرِ خود برقم بہ ثبت نماید۔

بداں کہ آں مشائخ معتبر (معتبر مشائخ با شیخ معتبر؟) خلفے عجیب و روشے غریب داشت و ہیچ ساعتے در لیل و نہار بے دوست قیام نے نمود۔ ہر جا کہ بود با او بود۔ فرد

در و دیوار چو آئینہ شدہ از کثرت شوق
ہر کجا مے نگرم روئے ترا می بینم

شجرۂ نسب

ونسبِ آں خلاصۂ اولیا بہ ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد المناف بہ ہژدہ پُشت می رسد بریں طریق۔
بندگی قطب العالم شیخ عبد الجلیل رح مشہور شیخ چوہڑ بن شیخ ابوالفتح بن شیخ عبد العزیز رح بن شیخ شہاب الدین رح بن شیخ نور الدین رح بن سلطان التارکین تاج الاولیاء حمید الملت والشرع والدین شیخ حاکم ابوالغیث رح بن سلطان بہاؤ الدین رح بن سلطان قطب الدین رح بن سلطان رشید الدین رح بن سلطان ابوعلی رح بن شیخ موسے رح بن شیخ ابوطاہر رح بن سلطان الموحدین محبوب حضرت باری شیخ ابوالحسن علی قریشی الہاشمی الہنکاری بن شیخ محمد رح ہنکاری بن شیخ یوسف ہنکاری بن شیخ محمد رح

ملہ آپ کے نسب کے متعلق صاحب وفیات الاعیان (ابن خلکان) کی تحقیق میں تاریخ جلیلہ کے صفحہ ۳۵ میں لکھ چکا ہوں اس کا اعادہ تحصیلِ حاصل ہے۔

بن شیخ عمر رح بن شیخ عبدالوہاب رح بن امیرالمومنین ابوسفیان بن حارث
بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔

حصولِ خرقۂ خلافت

باید فہمید کہ حضرت شیخ الاسلام بندگی قطب العالم عبدالجلیل مشہور
شیخ چوہڑ عظمہ اللہ تعالےٰ در ابتداءِ حال بہ تحصیل علم و ریاضت نفس
پیش پدرِ خود سلطان العارفین المحققین شیخ ابوالفتح رح مشغول بودند و
از ایشاں ثمر نخلِ مراد چیدند و آنچہ دیدنی بود دیدند۔ بعدہٗ حضرت بندگی
شیخ ابوالفتح رح وقت رحلت خرقۂ خلافت کہ اوشاں راز قطب الاقطاب
سلطان التارکین حمیدالملت والدین مخدوم شیخ حاکم ابوالغیث و اوشاں
راز قطب العالم رکن الملت والشرع والدین شیخ ابوالفتح فیض اللہ بود
بایشاں عنایت فرمودند۔

حصولِ فیوضِ مشائخ خراسان و عراقین

حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ خرقۂ سجادگی پوشیدہ بجائے
پدرِ خود در قصبہ ٹھٹو سکونت گرفتند و بسیار کساں راہدایت و رہنمائی می نمودند
آخر الامر بعد از مدتے ولولۂ شوق بر دلِ ایشاں غالب گشت۔ بجانب شہرہائے

خراسان و عراقین توجہ نمودند۔ بلمے زیارتِ انبیاء و اولیاء نمودند و بدولتِ گوناگون از خدمتِ مشائخ مشرف شدہ باز آمدہ در قصبۂ مَو ساکن شدند۔

ارشادِ نبوی برائے تمکّن در لاہور

و آمدنِ حضرت ایشاں از قصبۂ مَو بجانب شہر لہانور بدیں سبب بود کہ شبے بہ شغل مشغول بودند کہ سلطان التارکین حمید الدّین والملّة والشرع و الدّین مخدوم شیخ حاکم رح ایشاں را در باطن فرمودند کہ مژدہ باد مرترا کہ حضرت بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا مارا فرمودند کہ حضرت سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم بمن فرمودند کہ چوں جوہڑا را فرزندے دینی (؟) خواندہ پس بگوا ورا کہ در ملکِ پنجاب شہرے است لہانور درونِ او خطہ ایست بنام کوٹ کروڑ رفتہ در و متمکن شود۔ زیرا کہ بسیار کساں را از و منفعت وہدایت دینی و دنیوی خواہد رسید و فیض و کرامات خواہد بخشید۔ چوں روز شد بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ باز در مراقبہ شدند تا چہ حکم شود۔ و سر از مراقبہ برداشتہ بایں فقیر فرمودند کہ اے ابابکر۔ فرد۔

مصطفےٰ را دیدہ ام آید چو ماہ
در برسے افگندہ گیسوئے سیاہ

و فرمودند کہ برو در ملکِ پنجاب فی الشہر لہانور بہ خطۂ کوٹ کروڑ

ساکن باش۔ چوں ایک حکم بار از خلاصۂ موجودات احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صادر گشت۔ از قصبہ موبہ اطراف شہر لہانور نقل منزل نمودند۔ رباعی

چشمے کہ جمال مصطفےٰ را بیند۔ شک نیست کہ عالم صفا را بیند
این است کمال راہ بر مرد یقین در ہر چہ نظر کند خدا را بیند

بحضرت ملتان رسیدند

چوں بحضرت ملتان رسیدند بروضۂ منورہ حضرت غوث الاعظم بہاء الملۃ والشرع والدین شیخ کبیر ابو محمد زکریا قریشی الاسدی[1] و بروضۂ منورہ حضرت قطب العالم رکن الملۃ والشرع والدین شیخ ابوالفتح فیض اللہ رسیدہ وثمرۂ بشارت چیدہ وتنبیۂ ارادت سودہ وطواف نمودہ وجہان جہان فیض ربودہ بعد از فراغ حصول این دولت وسعادت رواں شدند۔

دعوت از طرف حضرت شیخ فریدؒ وعطائے خلافت

ہنوز نصف راہ از شہر مذکور تا بحد دہ لہانور بر آمدہ بودند کہ آوازِ غیب بگوش ایشاں رسید کہ اے چوہڑ رح بجانب من بیا و زمانے ودین مقام بیا سائے۔ بلکہ

---

[1] یہ اسد حضرت علیؓ کے نانا نہ تھے جن کے بیٹے حسنین کی نسل نہیں چلی بلکہ اسد بن مطلب بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی تھے ہاشم کی نسل صرف ان کے بیٹے عبد المطلب سے چلی جیسا کتاب المعارف وغیرہ کتب سے ثابت ہے۔ ملاحظہ ہو تاریخ جلد ۱ صفحہ ۶۳

روزے چند دریں جا مشاغلت نماے۔ بعد از فراغ ایں معنی بہ لہاور توجہ فرماے از استماعِ ایں مژدۂ دولت انگیز و لطائف آمیز ایشاں را حیرت روئے داد (نمود) اما بطرف آواز رو نمودند۔ باد پیمودند۔ پس از مسافتے راہ گم شدہ و دراں حیران گشتہ تامل نمودند۔ درہمیں کش مکشِ تامل و تعلل بودند کہ مردے خورشید سیما از غیب پیدا شدہ دستِ ایشاں را بگرفت و گفت۔ اے آشنائے دریائے عزت رائے معلمِ دین و عالم ماے فرزندِ حاکمؒ آں آواز من بودہ است و مرا شیخ فریدالدین شکر گنجؒ می نامند۔ باید کہ چند روز مہمانِ من باشی و بہ شغل مشغول شوی۔ چوں ازیں حالت بہ پروازی اختیار باقی است۔

درخدمتِ آں مردِ میدانِ مروت یعنی شیخ الاولیاء شیخ فریدالدین شکر گنجؒ می رفتند دریں اثنا آں آفتاب لقائے از نظر غائب گشت۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے بروضۂ منورہ شیخ فریدالدینؒ رسیدہ تا چہل روز اعتکافِ خلوت گزیدند۔ بعد از خلوت مذکور شیخ فریدالدین خلافت ظاہری و باطنی بر ایشاں عطا فرمودند و خرقۂ خلافت بخشیدند و رخصت کردند کہ ہر کجا حکم آں حضرت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہ لوا اصدار یافتہ است دریہاں جا سکونت گیرند و بہ طاعت و عبادت اشتغال دارکہ قربِ حق بیش از بیش خواہد بود۔

بشہر لاہور منزل گزیدند

آخر الامر برخصتِ آں قطب العالم بہ شہرِ لہاور کہ خطۂ دلپذیر است رسیدند

و بہ کوٹ کروڑ[1] نقل منزل گزیدند۔ الحمد للہ علی ذالک۔

مشرف باسلام شدنِ پسرِ ہانڈو گوجر

نقل است کہ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ برائے سیر دریا عبورے فرمودہ بودند کہ ناگاہ دوغ فروشے بہ سرِ راہ رسید۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ بہائے جغرات ازو پرسیدند۔ آں چہ او گفت اورا دادند۔ بعدہٗ فرمودند کہ آوند جغرات را بشکن۔ چوں او شکست افعیٔ مردہ ازو برآمد۔ آں مونثہ متحیر بماند۔ بعدہٗ آں زن ایں تمام ماجرا رفتہ درد رہ خود بیان نمود۔ چوں ایں تکلمات بہ سمعِ راموہندو کہ از پسرانِ ہانڈو گوجر بود رسید۔ اورا محبتے در دل پیدا گشت کہ دیدہ ہائے خود را بہ نورِ آں آفتاب شعاع منور گرداند۔ قدم از سر نمودہ بخدمت آں او حدِ عصر آمد۔ و دراں محل او شاں در حالتِ سکر بودند۔ از غایت مستی چوں نظر در و کردند اللہ تعالےٰ ہمدراں حین نقابہائے ظلمت از قلبِ او ساقط گردانید بعدہٗ اسلام برو عرض کردند و دردیں آوردند و نامش شیخ جلال نہادند۔ الحمد للہ علی ذالک۔

---

[1] پیر فرخ بخش اذکار قلندری میں رقم طراز ہیں کہ کوٹ کروڑ سلطنت چغتائیہ کے عہد میں لاہور کی کثرت آبادی کی وجہ سے شہر لاہور سے ملحق ہو گیا اور اب محلہ حاجی سرائے کے نام سے موسوم ہے اور نیشنل کالج میگزین بابت دسمبر ۱۹۲۳ء میں لاہور کے محلوں کے نام دئیے ہیں اسمیں لکھا ہے کہ کوٹ کروڑ محلہ حاجی ۔۔ وا (سرائے ؟) کے جانب مشرق تھا جو موچی دروازہ سے لیکر موقع آبادی قلعہ گوجر سنگھ (تعمیر کردہ

راہبے پیش گزاشتنِ شیخ کاکوؒ برائے قطب العالمؒ

درعہد سلطان بہلول لودی انارہ اللہ تعالٰے برہانہٗ گروہ بدپسنداں برکوہ جمورو گردانے شدہ بودند۔ حضرت سلطان خواست کہ ظلمتِ کافراں دور کند۔ و آں کوہستان را از اسلام پُر نور گرداند۔ چنانچہ فوجہا بجانبِ آں ناہمواراں فرستاد کہ از دبدبہ لرزہ در اندامِ شاں افتاد۔ و دراں کوہ یک راہب مشغول بود لیل و نہار برسمِ خود قیام می نمود۔ چوں لشکریانِ اسلام غلبہ کردند آں طائفہ پناہ براہب آورد۔ راہب از صومعہ قدم بیروں برود۔ بخدمتِ شاہ آمدہ عرض نمودہ بہر سخنے بدلیل بنمود کہ تمامی معتمدانِ خود را کہ در باطن آراستہ باشند و از خودیٔ خود برخاستہ باشند بطلبید کہ ہر یک با من از بحثِ علم و علوِ درجات و برتریٔ مقامات مکابرہ نمایند۔ اگر ایشاں غالب آیند ما را بدینِ خود بیارید و اسلام بفرمائید و اگر من بر ایشاں غالب آیم و از ہر وادی سبقت نمائیم۔ التماسِ ما بحضرت این است کہ ہمہ را بگزارند و بازِ دیگر ایں گروہ را نیازارند۔ چوں ایں کلماتِ راہب بسمعِ سلطان رسید۔ کلک ہر یک وزیرے را طلبید و چارۂ جوابِ آں پرسید۔ جمع وزیراں متفق شدہ۔ عرض نمودند کہ اے بادشاہِ روئے زمین دریں عہد زاہدِ زمانہ شیخ کاکوؒ[1] است۔ بے او شاں خاطرِ راہب ہیچ کس نخواہد کرد۔ آخر الامر ملک یک وزیرے

بقیہ حاشیہ ص صفحہ ۸۔ ۱۲۹۶ھ تک پھیلا ہوا تھا اور شیخ موسےٰ آہنگرؒ کا مقبرہ اس کے درمیان واقع تھا۔ [1] حاشیہ اگلے صفحہ پر۔

را بخدمتِ شیخ کاکو علیہ الرحمۃ فرستاد۔ چوں آں وزیر نزدِ شیخ رسید زمینِ خدمت بوسید و بہ ادب بنشست و تمامی ماجرا عرض نمود۔ حضرت شیخ کاکو فرمودند۔ کہ من ضعیفم طاقتِ مقال ندارم پیشِ بندگی قطب العالم شیخ چوہڑ عظمہ اللہ تعالےٰ بروید و ازیں ماجرا خبر دہید۔ زیراکہ ولایتِ ملکِ پنجاب بہ او تعلق دارد کہ قطبِ زمان است و از فرقۂ عارفاں است ایں اشکال حل خواہد کرد بلکہ جانِ خود را در سبیلِ محمدی فدا خواہد کرد۔

وزیر بحضورِ قطب العالم رح

وزیر از خدمتِ شیخ کاکو رح رخصت شدہ بخدمت حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ آمد پیش ازآنکہ وزیر عرض نماید ایشاں فرمودند کہ فردا بعزمِ تقدیم فیصل دادن ایں دقیقہ سوئے انجمن شاہ قدم پیمودہ و ایں اشکال حل نمودہ

نوٹ صفحہ ۹۔ ؎ شیخ کاکو رح شیخ نور العین بن شیخ علاؤ الدین المشہور علاؤ الحق بنگالی (متوفی ۸۰۰ھ) کے خلفاء میں سے تھے۔ آپ نے شیخ پیر محمد چشتی لاہوری سے بھی فیض حاصل کیا اور لاہور میں علم مشیخت بلند فرمایا۔ ۸۰۰ھ میں واصل بحق ہو کر حضرت عبد الجلیل رح کی خانقاہ سے شمال کی طرف تقریباً ½ میل کی مسافت پر دفن ہوئے۔ سکھوں کے ہاتھوں ان کے مزار اور ملحقہ مسجد کی بربادی کا حال میں تاریخ جلیلہ کے صفحہ ۱۱۳ میں لکھ چکا ہوں۔ آپ کے مذکورہ بالا مرشد اور انکے والد کے مزار بحسب بیان شہزادہ محمد اختر مرزا محبت شاہ جو میرے ہاں ۳ نومبر ۱۹۴۲ء کو تشریف لائے (بن شہزادہ احمد اختر بن شہزادہ دار ابخت بن ابو ظفر بہادر شاہ) ادینہ مسجد پنڈوہ صوبہ بنگال کے قریب تین میل

وراہب را از سلکِ بیگانگاں کشودہ دینِ خود را افزودہ خواہد شد۔ وزیر از حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ رخصت شدہ بخدمتِ شاہ آمد و از کلماتِ مذکور اطلاع داد۔

داخلِ حلقۂ اسلام شدنِ راہب و سلہریاں

علی الصباح شاہ بہ تمامی انجمن بیاراست وہر یک معتمدانِ عصر را خواست۔ چوں حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ از انجمن درون آمد۔ دوازدہ راہب[1] بیروں آمد۔ بعدہٗ شیخ از ہر دلیل سخن راند۔ چنانچہ راہب را ہیچ تحمل نماند۔ آخر الامر راہب گفت۔ بسخنِ ظاہر رہ نمی برم بلکہ جو نمی خورم۔ آنچہ از علم باطن داری بیار۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ و راہب در مراقبہ شدند۔ راہب گفت یا شیخ بیا تماشائے ارض وما فیہا کردہ می شود۔ بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ قبول کرد۔ چوں ایں مطلب بحصول انجامید حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ راہب را فرمودہ بیا تماشائے مشاہدہ فی اسماء وعالم لاہوت دیدہ شود۔ راہب ایں سخن اجابت نمود۔ چوں بدروازہ جنت الماوی رسیدند کہ پیش از ان عالم لامکان است و تجلیات جمالِ دیّان است۔ دم زدن را محل نیست فہم من فہم راہب

---

[1] اِس راہب کا نام پیر فرح بخش[رح] نے اذکارِ قلندری میں اجی پال اور پیر نبی بخش نے نسب نامہ میں ہری ناتھ دیا ہے۔ اور بتایا ہے کہ اس وقت جموں میں راجہ سہن پال کی حکومت تھی۔ ملاحظہ ہو صفحہ ۳۴۹۔ تاریخ جلیلیہ جس میں قوم سلہریہ کا شجرہ دیا ہے۔

بازماند وگفت پیش ازیں مقامے است کہ دیدہ بینایاں بندد بلکہ اگر جبرائیل ؑ آید بسوزد۔ مجال ویارائے من نیست کہ قدم پیش نہم۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ فرمود کہ اگر کلمۂ شہادت برزبان رانی۔ ترا بایں مقام معزز و مشرف گردانم۔ راہب درحال کلمۂ شہادت بزبانِ فصیح خواند و خودرا درسلکِ اسلام کشید۔ الحمدللہ علےٰ ذالک۔

چوں سراز مراقبہ برآوردند۔ راہب بہ معتقدانِ خود گفت کہ یاران من بدولتِ اسلام مشرف شدہ ام۔ اگر کسیے بمن اتحادے دارد۔ از ظلمتِ کفر بنورِ اسلام منور شود۔ بعضے مسلمان شدند و جمعے مجبور ماندند۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ نام آں راہب شیخ برہان نہادند و بہ شغل مشغول کردند و روضۂ مقدسہ منورۂ او درقصبۂ کالو واہن[۱] معروف است۔ بعدہٗ حضرت ایشاں ازانجمنِ شاہ بجانب خانقاہ رواں شدند۔ ہنوز نصف راہ قطع نہ کردہ بودند کہ گروہِ مشرکاں بعرف سلہریاں دراں سبیل آمدند و بجانب حضرت قطب العالم رح بچشمِ حقارت دیدند و گفتند کہ ہمیں فقیر راہب مارا بہ فسونے مسلمان کردہ است۔ ہمدراں محل نظر حضرت ایشان بر آں کافراں افتاد۔ ہماں حین جملہ گروہِ بیگانگاں کلمہ گویاں پیش آمدند و از سلکِ یگانگاں شدند۔

خانہ آبادی بہ بادشاہ زادی

بعدِ ایں تذکرہ سلطان السلاطین سلطان بہلول لودی انار اللہ برہانہٗ برائے

[۱] افسوس یہ قصبہ پنجاب کی تقسیم میں تحصیل گورداسپور کے پاکستان سے کٹ جانے کی وجہ سے ہندوستانی حکومت میں منتقل ہوگیا۔

ایشاں دختر خود بزنی داد و ازاں سلطان زادی ایشاں را فرزند تولد شد۔ نام او شیخ ابو الفتح نہادند و او چناں مردے شد کہ اکثر بر روئے دریا مانند باد برگزشتے۔

تائب و مُرید شدنِ شیخ احمد سندھی

بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے از سیر کوہستان کانگرہ می آمدند ناگاہ بدیہہ جلو را براہیم رسیدند و در خانۂ افغانے سکونت گرفتند۔ دراں دیہہ مذکور یک شیخ احمد نام سندھی قزاقے بستہ بود شیر شبیۂ خود ہر کس برائے فقیران خانقاہ او ببرد۔ دیہہ کس می بردند۔ ہر کہ اِبا می ورزیدے باو زیان می رسیدے واز ستوران او بجائے شیر خون ظاہر شدے و دراں شب آں صاحب خانہ تمامی شیر بہ فقرایانِ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے رسانید و یکے از خادمانِ شیخ احمد رفتہ پیش او ظاہر کرد کہ فلاں افغان خلافِ عادت نمودہ تمامی شیرِ خانۂ خود را کہ برائے خادمانِ خانقاہ شما می رسید او بفقیرے مسافرے رسانید۔ پس خلافِ بیان ورزید۔ شیخ احمد خشم شدہ فرمود کہ برو آں فقیر را طلبیدہ بیار۔ چوں خادم او پیشِ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے آمدہ ساکن ماند بعد از دیرے او دیگرے فرستاد۔ چوں او ہم پیشِ ایشاں رسید احوالش چناں گردید۔ آخر الامر شیخ احمد تاب نکشیدہ خود را رسانید۔ چوں حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے را دید۔ گفت تیرے زنم کہ جانت برآید۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالے فرمود کہ آں تیر را برایمانت زدیم کہ ترا بے ایمان میراند۔

بعد ازیں ذکر شیخ احمد رفتہ در حجرۂ خود مشغول گشت۔ ساعتے نگزشتہ بود

کہ صورت خواجۂ کونین احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ظاہر گشت و اورا گفت کہ ایمانے تو سلب می شود۔ برو فرزندم چوہر کر را رضا مند سازنا بے ایمان نہ میری۔ ہمدراں حین شیخ احمد پیش حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ آمدہ بر پا افتاد کہ یا شیخ گناہم ببخشا مرز۔ ایشاں اورا ازاں فعل مذموم تائب کردہ از سلک مریداں کردند۔

بیعتِ مولفِ تذکرۂ قطبیہ

و نیز سبب مشرف شدنِ ایں داعی کافۂ اہل اسلام بہ بیعتِ آں.... سلطان الاولیاء قطب العالم اینست کہ روزے در خدمتِ آں یگانۂ روزگار شیخ لدہا کنبوہ و شیخ مولہ نجار و شیخ جلال گوجر وغیرہ اکابراں حاضر بودند کہ ایں داعیِ کافۂ اہل اسلام را دولتِ پابوس میسر گشت۔ لختے سخن در کشف و کرامات افتاد۔ سندانے افتادہ بود۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ انگشتِ مبارک دراں کردند۔ آہن مانند موم گشت۔ بعدہٗ فرمود کہ چیزے در عقل نہ گنجد آں را کرامت می گویند و لہٰذا ایں سہل است۔ اما در دلِ ایں داعی گزشت کہ در قواعد اہلِ نجوم در سال ساعتے چناں ہم می آید کہ در و چند پل آہن مانندِ موم می شود۔ و اما ایں چوب خشکے کہ بدست دارم اگر از نظر تصرفِ ایشاں وجبے دراز شود۔ بخدمتِ ایشاں بیعت آرم۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ تبسم نمودہ فرمودند آں قادرے کہ از قدرتِ او مردہ زندہ می شود دور نیست کہ ایں چوبِ خشک ہم از قدرتِ او دراز شود۔ ہمدراں لحظہ آں چوب چند وجب دراز گشت۔ بعدہٗ

ایں داعی ارادت آورد۔ مارا دست بیعت نمودہ بخلافتِ ظاہری و باطنی مشرف کردند۔

تادیب بمرید خود

شیخ المشائخ شیخ مولہ نجار بخدمتِ آں یگانۂ روزگار مرید گشت و در لیل و نہار بخدمتِ آں نیکو کار بسر می برد۔ آخر الامر بعد از چند مدت اورا بخرقۂ خلافت سرافراز نمودہ بجانبِ دیہے بنام بزرگ تیڑہ[1] کہ در جوارِ شہر بٹالہ نوراست وداع نمودند۔ وحضرت شیخ مولہ بیشتر از بیعت بیک مونثہ تعشقے داشت۔ چوں ایشاں بدیہہ تیڑہ رسیدند۔ آں مونثہ برسم قدیم خود پیشِ شیخ مذکور آمد۔ ایشاں راہوا غالب گشت۔ دستِ خواہش باو دراز کردند۔ ہمدراں حین تپ لرزہ بر شیخ ورود نمود۔ در بے قراری آزار ایشاں را نوم ربود۔ در خواب حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ عصا بر دستِ شیخ مولہ زدند۔ چوں شیخ بیدار گشت۔ اورا دردے از ہموں جا برخاست و اماس از حد درگذشت۔ ہرچند مداوا کردند علاج پذیر نبود۔ شیخ

---

[1] موضع تیڑہ بزرگ وخُرد تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر میں واقع تھے اور وہاں کے باشندے اولاد قطب العالم رح کے حلقۂ ارادت میں چلے آتے تھے۔ مگر افسوس ۱۹۴۷ء میں ضلع امرتسر پاکستان میں شامل نہ ہوا اور مریدوں کے تمام مواضع جو اس ضلع میں تھے چھن گئے اور اسلامی آبادی قتل اور بے خانماں ہو گئی۔

مولہ رحمۃ اللہ علیہ حیران شدہ رجوع بحضرت بندگی قطب عالم عظمہ اللہ تعالےٰ آورد۔ حضرت شیخ رحؒ اورا در باطن فرمود کہ دستِ بیعت بفقیران خدا شدن وبحز قوۂ خلافت مشرف گشتن و بازہ بفعلِ مذمومات خود را ملوث کردن۔ کارِ خردمنداں نیست۔ حضرت شیخ مولہ رحؒ ہماں زمان ازاں دیہہ نقلِ منزل نمودہ بخدمت حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ آمدہ باز تادیب (تائب؟) گشت۔

فیض یابی شیخ یونس کسیرہ رحؒ

شیخ المشائخ علماءِ زمانہ (علامۂ زمانہ؟) شیخ یونس کثیرہ (کسیرہ؟) رحمۃ اللہ رجوع بحضرت خواجۂ کونین احمد محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کردہ کہ پیشِ ہر عزیزیکہ نصیب من باشد بحکم آں مہترِ عالم علیہ السلام باو بیعت نمودہ شود و در خواب دستِ اورا حضرت خواجۂ عالم احمد محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم گرفتہ فرمودند کہ فرزندم چوہڑ را بطلبید کہ ایں را تربیت نماید۔ چوں شیخ رحؒ حاضر گشت باو سپردند۔ بعدہٗ شیخ یونس بیدار گشت معہ فرزنداں از قصبہ دیپال پور بجانب شہر لہانور نقل منزل نمودہ بہائے مشرف شدن بخدمت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ آمدہ بر دروازۂ خانقاہ بایستاد وپیشِ بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ ایں داعی و شیخ مولا و دیگر عزیزاں نیز حاضر بودند۔ بعد ازاں محل بندگی ایشاں فرمودند کہ یکے از برودکہ بر درِ خانقاہ شیخ یونس ایستادہ است طلبیدہ بیارد۔ زیرآنکہ اورا حضرت

خواجۂ عالم علیہ السلام باین فقیر سپردہ است شیخ مولہ رحمۃ اللہ علیہ برنہاست و شیخ یونس را ہمراہ خود گرفتہ بخدمت ایشاں آوردند۔ بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ اورا دست بیعت نمود، بخرقہ خلافت مشرف کردہ بدیہہ شہاب الدین منّی (منج ؟ [1]) کہ در جوارِ شہر لہانوز است رخصت فرمودہ۔ شیخ یونس رفتہ دراں دیہہ سکونت گرفت و اکثر گاہ گاہے بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ دراں دیہہ پیش شیخ یونس تشریف می بردند و مزارِ ایشاں نیز دراں جا مشہور است۔

باشارۂ شیخ شہاب الدینؒ شیخ مٹھہ سیاہ پوش از بغداد آمدہ مستفیض شد

یکے از اولادِ ایں عصر شیخ ہمتہ (مٹھہ ؟) سیاہ پوش بعد از طوافِ کعبہ بشہر بغداد آمدہ در روضۂ منورہ مقدسہ حضرت شیخ الشیوخ العالم شہاب الملۃ والشرع والدین مشغول گشت۔ حضرت شیخ الشیوخ اورا فرمودند در باطن کہ برو در شہر لہانور پیش شیخ چوہڑ بقیہ نصیب خود بگیر۔ چوں اوز

---

[1] موضع منج بھی تحصیل اجنالہ ضلع امرتسر میں واقع تھا۔ یہاں کے مالک زبردست راجپوت اور ہمارے مرید چلے آتے تھے۔ جو تقسیم پنجاب پر ضلع شیخوپورہ میں آکر آباد ہو گئے اور پانچسو سال سے بھی زیادہ عرصہ بعد اپنے آبائی وطن کو چھوڑا۔

شد۔ شیخ مٹھہ سیاہ پوش بجانب شہر لہانور راہی شد۔ چوں بحضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ رسید دست بیعت شد۔ اور ایشاں یک اربعین فرمودند۔ بعد از سیوم روز در نیم شب بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ شیخ مٹھہ را از خلوت طلبیدند۔ چوں شیخ مٹھہ بخدمت ایشاں آمد حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ فرمودند کہ فرزندم مٹھہ چہ دیدی۔ او عرض کرد۔ کہ با شیخ درہمیں حجرہ مشاہدہ کردم، برہمیں مسندے عزیزے را نشستہ دیدم و درخدمت آں شمارا باادب معائنہ کردم و شنیدم کہ روئے بشما کردہ آں بزرگ فرمود کہ فرزندم چوہڑ از یں خرقہا باب خرقہ برائے مٹھہ بدہ کہ کار ایں تمام شد۔ حضرت بندگی قطب العالم فرمود کہ اے مٹھہ آں عزیز حضرت خواجۂ کونین احمد محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم بود کہ ترا خرقہ عطا فرمود۔ بگیر ایں خرقہ کار تو تمام شد و مزار شیخ مٹھہ سیاہ پوش در جوار شہر لہانور است بکنارۂ دریا راوی مشہور است۔

بتاکید شیخ رکن الدین ملتانی ارادت سید ابو الخیر رح

سید ابو الخیر بہ نیت دست بیعت شدن بطرف شہر ملتان پیش سجادۂ غوث العالمین بہاؤ الملۃ والدین شیخ کبیر ابو محمد زکریا رحمۃ اللہ تعالےٰ راہی گشت۔ چوں یک منزل نقل کرد۔ او را درخواب قطب العالم الکونین رکن الملۃ والشرع والدین شیخ ابو الفتح فیض اللہ فرمود کہ باز گرد نصیب تو پیش فرزندم شیخ چوہڑ است۔ ایں عرض نمود کہ یا پیر دستگیر ارادۂ من

پیش سجادۂ غوث العالم است۔ حضرت شیخ رکن الدین گُرزے درمیان دو پہلوے
او زد۔ چوں سید ابوالخیر بیدار گشت و درمیان دو پہلوئے او درد برخاست
آخرالامر توجہ بحضرت بندگی شیخ چوہڑ عظمہ اللہ تعالےٰ نمودہ بجانب شہر لہاور
راہی شد۔ چوں بخانقاہ ایشاں در حجرہ مشغول بودند شیخ مولہ بد را طلبیدہ
فرمودند کہ بر دست سید ابوالخیر رحمہ بیرون استادہ است او را طلبیدہ بیار کہ
سفارشش رکن الملۃ والشرع والدین شیخ ابوالفتح فیض اللہ آوردہ است۔
چوں شیخ مولہ بیرون رفت۔ دید کہ سید ابوالخیر را استادہ۔ اورا طلبیدہ
پیش ایشاں آورد۔ وعرض نمود کہ یا شیخ آں حضرت کہ بزبان مبارک راندند۔
کہ سید ابوالخیر سفارشش شیخ رکن الدین ابوالفتح فیض اللہ آوردہ است ایں
فقیر را روشن نمی شود۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ تبسم نمودہ
فرمودند کہ تمامی ماجرا سید ابوالخیر خود بیان خواہد کرد ولیکن کہ درد دو پہلوئے
ایں عزیز است۔ من می نمائم۔ آخرالامر سید ابوالخیر تمامی ماجرا بیان نمود و
وبخدمت حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ دست بیعت شد مرید
گشت و در موضع شیخ ڈھیر چیندراد کہ قریب شہر لہاور است سکونت گرفت

استغاثۂ شیخ خیرالدین کھچی فرستادۂ شیخ جلال الدین پانی پتی

شیخ خیرالدین عرف کھچی رحمۃ اللہ تعالےٰ دشعلۂ محبت ازدل برخاست
تمامی خان و مان را در راہ دوست نثار نمود وخود را بہ آتش تفرید بیار است
یعنی از خودی خود برخاست۔ آخرالامر بخدمت قدوۃ الواصلین حضرت شیخ

جلال الدین[۱] پانی پتی بہ نیتِ دست بیعت شدن رفت۔ حضرت شیخ جلال[رح] فرمود کہ نصیبِ تو پیش من نیست۔ برو راہِ خود بگیر۔ شیخ خیرالدین عرض نمود کہ یا شیخ الاسلام طبیبے کہ اثرِ زحمت از نبض می یابد مقرر است کہ دارو ئے آں زحمت ہم دانستہ باشد۔ چوں حضرت ایشاں فرمودند کہ نصیبِ تو پیشِ من نیست۔ پس بفرمائید کہ نصیبِ خود از کدام عزیز بگیرم۔ ایشاں در مراقبہ شدند۔ چوں سر از مراقبہ برداشتند فرمودند کہ برو پیش شیخ المشائخ شیخ چوہڑ سجادہ نشین سلطان التارکین حمید الملۃ و الشرع و الدین شیخ حاکم[رح] حارثی الہاشمی القریشی الہنکاری زیرا کہ نصیبِ تو پیش اوست۔ چوں ایں میموں خبر بسمعِ شیخ خیرالدین رسید۔ بجانب شہر لمانو نقل منزل نمودند۔ چوں بہ خانقاہِ ایشاں رسید ہنوز بخدمتِ ایشاں نرسیدہ بود کہ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ بہ شیخ جلال را کہ از طالبانِ ایشاں بود فرمودند کہ برو شیخ خیرالدین بیرونِ دروازہ استادہ است طلبیدہ بیار۔ زیرا کہ بسیار مدت است منتظر او بودم۔ کہ نصیبِ خود بگیرد۔ و بعدہٗ شیخ جلال (گوجرہ) بیرون رفتہ شیخ خیرالدین را طلبیدہ و ہمراہ گرفتہ بخدمت حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ مشرف و معزز ساخت و مزارِ او

---

[۱] شیخ خیرالدین رحمۃ اللہ علیہ شیخ جلال الدین پانی پتی رحمۃ اللہ کے مزار پر حاضر ہوئے ہوں گے۔ کیونکہ وہ ۷۶۵ھ میں وفات پا چکے تھے+

در دیہہ پنڈی میر[1] شہداد در جوارِ شہر لہالوزاست۔

استفاقتِ شاہ ابوالخیر بخدمت قطب العالم

یکے از مریداں شیخ ہتہ مدار (مٹھہ مدار) رحمتہ اللہ علیہ شاہ ابوالخیر بن سید عمر حسینی رحمۃ شاہ بازِ وقت بود فاما اکثر در عالمِ سکرے بود۔ یکے از مریدانِ شیخ مٹھہ مدار عرض نمود کہ یا شیخ حیف است کہ مانندِ سید السادات شاہ ابوالخیر عزیزے اکثر در عالمِ سکر مستغرق می باشد۔ اگر ہچو مردے در عالمِ صحوے بودے۔ بسیار کسان را ازو بہرہ می رسیدے۔ حضرت بندگی شیخ مٹھہ مدار فرمودند کہ ایں را پیشِ فرزندم شیخ جوہر[2] عظمہ اللہ تعالےٰ ببرید کہ از صحبتِ او در عالمِ صحو خواہد آمد و بقیہ نصیب خود نیز ازو بگیرد۔ آخر الامر شاہ ابوالخیر رحمتہ اللہ تعالیٰ را چند عزیزاں بحکم شیخ مٹھہ بخدمت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ آوردند

---

[1] برادرم پیر حیدر علی شاہ رئیس قصبہ پنڈی شیخ موسےٰ رح نے اپنے مضمون میں جو تاریخ جلیلہ کے انگریزی حصہ سے پہلے درج ہے واضح کیا ہے کہ یہ موضع پنڈی شیخ موسےٰ کے قریب واقع تھا۔ اور شیخ خیر الدین رح کی بیٹی فاطمہ خاتون حضرت شیخ موسےٰ سے بیاہی گئی تھی۔ انہی سے ان کے چار بیٹے ہوئے۔ اور یہ کہ شیخ خیر الدین پچی اور شیخ گھمن پچی کی اولاد کے سینکڑوں گاؤں ہیں۔ جو اولاد شیخ موسےٰ رحمتہ اللہ کے حلقۂ ارادت میں ہیں۔ (نامی)

[2] ملاحظہ ہو حاشیہ ۲۲

حضرتِ ایشاں گوشِ شیخ ابوالخیر گرفتند، ہماں محل شاہ ابوالخیر بعالمِ صحو آمدند۔ و بخدمتِ ایشاں از بقیہ نصیبِ خود بہرہ ور گشتند۔ بعد از مدتے حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ اور اطرافِ رسول کوٹ کہ واقع است در بار ساندر کھوکھر سکونت فرمود۔ شیخ ابوالخیر رح رفتہ در آں جا ساکن شد و بعد از صحبتِ بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ احوالِ شاہ ابوالخیر آں چناں بود کہ گاہے در عالمِ سکر می رفتندے و گاہے در عالمِ صحو می آمدندے و مزار شاہ ابوالخیر رح نیز در رسول کوٹ[1] معروف است۔

بیعت کردن شیخ گھمن پچھی کہ معترض بر سماع بود

روزے شیخ خیرالدین عرف پچھی رحمۃ اللہ علیہ کہ از مریدان حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ بود۔ در حجرۂ خود سرود می شنید۔ ناگاہ در آنجا گذر شیخ گھمن عرف پچھی رحمۃ اللہ تعالےٰ افتاد و او مرد بسیار پرہیزگار و متشرع بود۔ چوں ازیں فعل کہ مذموم شریعت است۔ دید از خشم بر خود پیچید و بر شیخ خیرالدین بسیار زجر و احتساب نمود وگفت کہ ہر گاہ غنا و لہو را خدا و رسول حرام کردہ باشد شما چرا آں بدعت را بر خود لازم داشتہ اید۔ شاید مرشد تو ترا چنیں تلقین کردہ است کہ مذموماتِ شریعت را پیش گیری۔ و حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ را بہ بے ادبی یاد کرد۔ بعد ازیں تذکرہ شیخ گھمن در خانہ خود رفتہ بہ شغلے مشغول گشت اما ہر چند عبادت می کرد۔ حلاوت و لذت نمی یافت و از شہود محجوب ماند۔ بعد از چند روز ایں احوال خود پیشِ عزیزے عرض نمود۔ آں بزرگ بعد از

---

[1] حاشیہ بر ص ۲۳

تا مل بشیخ گھمن گفت کہ بروپیش خیر الدین و گناہ خود بیامرزاں کہ ترا این مضرت ازہموں جا رسیدہ است۔ بعدہ شیخ گھمن پیش خیر الدین رحمۃ اللہ تعالےٰ آمد و معذرت بسیار کرد و گفت ازاں روزے کہ بشما بے ادبی کردہ ام۔ ہیچ حلاوتے در خود نمی بینم۔ شیخ خیر الدین فرمود کہ زاں تکلمات ناہموارۂ تو شاید حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ را غیرت رسیدہ باشد۔ زیراکہ براحوال نیک و بد کہ بر طالب در ود می نماید۔ مرشد کامل ناظر و مددی باشد۔ وگرنہ از من ہیچ غیرتے در وجود نیامدہ است۔ بعدہ شیخ گھمن را شیخ خیر الدین بخدمت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ آورد۔ چون نظر مبارک ایشاں بر شیخ گھمن افتاد۔ تبسم کردہ فرمودند کہ طریق فقیر صلح۔ پس ... او یگانگی جنگ نباید بعدہ شیخ گھمن[1] بخدمت ایشاں بدست بیعت مشرف و معزز گشت واو نیز متصل مزار شیخ خیر الدین[2] رح آسودہ است۔

نوٹ صفحہ ۲۱:۔ [1] خزینۃ الاصفیا میں اس نام (شیخ منٹھ) کے ایک بزرگ کا ذکر صفحہ ۲۴۴ میں ہے کہ انکو خواجہ معین الدین اجمیری سے بیعت روحانی حاصل تھی۔ ۶۳۰ھ میں فوت ہوکر کاکرون میں دفن ہوئے۔ ۲۲ [1] وصول کوٹ کے کھنڈرات کے قریب ایک قصبہ شاہ کوٹ (متصل سانگلہ) آباد ہے۔ مفصل حالات معہ ذکر شاہ ابوالخیر، تاریخ جلیلہ کے صفحہ ۲۴۳ تا ۲۳۳ میں درج ہے۔ ۲۳ [1] تحصیل چالہ میں اسی نام پر موسوم ایک موضع (گھمن خورد) تاریخ جلیلہ کے صفحہ ۲۴۸ پر درج ہے گو کہ مریدان قطب العالم رح ہے۔ [2] یہ مزار اسی قبرستان میں ہے۔

سقوط نقابہائے ظلمت از قلب سید علم الدین رح

(۱) روزے ایں داعیٔ کافۂ اہلِ اسلام را دولتِ پابوس دست دادہ بود و اکثر اکابراں نیز در خدمتِ او بودند۔ شخصے حکیمے آمدہ۔ از حضرتِ ایشاں سوال نمود کہ یا شیخ شما تمامی گروہ بر ایں متفق باشند کہ پیشتر ازیں خلقت چیزے نبود۔ پس اگر ہیچ نبود چہ بود۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ زمانے تامل نمودہ بر زبانِ مبارک راندند کہ چشمے مغموض ساز۔ دل حاضر دار۔ چوں او چشم مغموض ساخت۔ بحضورِ قطب فرمودند کہ چہ دیدی۔ العاقل یکفیہ الاشارہ۔ چوں نقطہ عین محو گردد آنکہ دانی عین عین است۔

(۲) یومے ایں داعیٔ کافۂ اہلِ اسلام را دولتِ پابوس میسر گشتہ بود۔ و نیز مجتہدانِ عصر در خدمتِ آں یگانۂ روزگار حاضر بودند کہ عزیزے آمدہ از ایشاں سوال نمود کہ یا شیخ در مسئلہ اگر کسے یک قبلہ (بوسہ) بر روئے زنِ خویش دہد او را ثوابِ دو نفل می رسد۔ و دریں اشکال روئے می دہد کہ در مباشرتِ آں غسل لازم می آید و در مذموماتِ دیگر مانندِ خمر وغیرہ واجب نمی شود۔ پس باید کہ بعد از فعلِ مذمومہ غسل فرض شود نہ بعد از فعلِ حمیدہ۔ ایں عقدہ را حل نمایند۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ فرمودند کہ آدمی (را) چند ہزار شہوت است و قلب ہر یک ذاکر۔ پس چوں آدمی در فعلِ مباشرت می آید۔ وقتِ جدا شدنِ

منی لذتے کہ بدل می رسد از دل غافل می شود و از فعل دیگر مذمومہ نہ باشد یا حمیدہ دل از دیگر ذکر ہا نمی ماند۔ ازیں سبب آدمی را غسل لازم نمی شود۔ در نزد اہلِ حقیقت مادامے کہ دل را غسل نہ دہد پاک نشود۔ و چوں دل ایں غسل یافت بازہرگز پلید نشود۔ ہمدراں محل برزبانِ مبارک راندند کہ در آدمی چند ہزار شہوت است۔ مثلاً یکے روز ازیں جدا شد و رفت یکے از احتلام و یکے از وطی۔ یکے از و جدا گشت و رفتہ صورتے بست و بشکلِ انسان از عدم بظہور آمد۔ پس در و باید دید کہ کامل ست یا ناقص۔ اگر کامل ... پس او انسان شدہ و اگر ناقص رفت چنانچہ اوّل روزہا لا یحصل رفتند ایں ہم رفت۔

(۳) شخصے در خدمتِ ایشاں کتاب فوائد الفواد می خواند۔ چوں تذکرہ شیخ بہاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ ملتانی۔ شیخ صدر الدین قولوی رحمۃ اللہ علیہ و شیخ ابو الغیث یمنی رحمۃ و شیخ سیف الدین رحمۃ اللہ علیہ ماخزری و شیخ فرید الدین شکر گنج رحمۃ و شیخ سعدی حمویہ رحمۃ برآمد۔ آں عزیز چشم پُر آب کردہ بر شیخ پیوہر طرعرض نمود کہ یا شیخ زہے آں زمانہ کہ ایں بزرگاں یک دو در دہر بودند۔ دریں زمانہ بغیر از ذاتِ شریف ہا ہیچ عزیزے در نظر نمی آید الّا از طالبانِ شما۔ حضرت ایشاں فرمودند کہ شناسندگان رفتند و گرنہ کارخانۂ دوست معمور است و ایں بیت برزبانِ مبارک راندند۔ بیت۔

یوسفے ہمراہ خود دارند و پس می برند ۔۔۔ یک نفس لیخا ہمتے گویا دریں بازار نیست

(۴) روزے حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ در راہ می رفتند۔ شخصے ذراں راہ جانورے را ذبح می کرد۔ یکے از مریدان عرض کرد۔ کہ یا شیخ ایں تجلیاتِ جلالی را مشاہدہ نمایند۔ ایشاں چشم مغموض ساختند۔ یکے زاں میاں طالب علمے بود۔ او گفت۔ کہ یا شیخ چیزے کہ در شرع حلال باشد ازو انکار نباشد۔ ایشاں از زبان مبارک ایں بیت خواندند۔ بیت

بشرع گرچہ حلال است درمروت نیست
ہلاکِ نسیہ کہ او نیز چوں تو جانور است

(۵) روزے در خدمت حضرت ایشاں خان خاناں نشستہ بود۔ چوں تشنگی بر وغالب گشت۔ آب طلبیدہ آوردہ باو دادند۔ آب بسیار سرد نبود۔ گفت آب سرد نیست۔ حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ چشم پُر آب کردہ فرمودند۔ آں کسانیکہ در قید می باشند۔ آب گرم و نرم طلبند!۔ و ایں بیت از زبانِ مبارک فرمودند۔ بیت

درجہاں گرچہ سروریم عزیز
نسبتِ آں جہاں بزندانیم۔ (شعرِ سلطان حاکمؒ)

(۶) روزے حضرت بندگی قطب العالم عظمہ اللہ تعالےٰ می فرمودند کہ دیدم در شہر صاحب استغراقے کہ بہ ہیچ آفریدہ سخن نمی گفت۔ باو عرض کردم کہ لب از عرض سخن چرا بستۂ۔ گفت گو کہ دریں سخن نگنجد۔ آمالے عزیز صاحب دانشے باید کہ بہ کُنہِ ایں نکتہ برسد۔

(۷) روزے حضرت بندگی قطب العالم در عالمِ سکر بودند۔ ہمدراں محل یکے از پسرانِ شیخ بہاؤ الدین نام بخدمت التماس نمود۔ پرسیدند تو کیستی۔ او عرض نمود بہاؤ الدین۔ گفت کہ کدام بہاؤ الدین۔ او التماس نمود کہ پسرِ شیخ چوہڑ رحمۃ اللہ علیہ۔ فرمودند کہ کدام شیخ چوہڑ۔ گفت کہ شما۔ بر زبان راندند کہ کدام من۔ دوہڑہ

محمد کیتہ کیتہ رہیو ر دم تن ما نہ

ہونا ہن ہونا ہن ہما نہ ہن رہی ہن ما ہنہ (؟)

بداں اے عزیز کہ حجابِ خود خود ہستی۔ چوں از تو توئی برخیزد آں زماں اِذا تمّ الفقر فھو اللّٰہ با تو غمزہ زند۔ سوگند باللہ ہمہ اوست[1] تم باللہ ہمہ اوست۔ چوں خواست کہ خود را بیند۔ آئینۂ قلبِ عاشق مہیا ساخت تا در روئے خود مشاہدہ نماید[2]۔ اما باید فہمید کہ عشق و عاشق معشوق نیز گفتار است۔ چوں دراں مقام رسی نہ عشق ماند نہ عاشق نہ معشوق ؎ ہر جا کہ ہست پرتوِ روئے تو لامع است

اے از جمالِ تو ہمہ غوغا برائے چیست

اسلام و کفر ہر دو دراں جا برابر است

فرقِ میانِ مومن و ترسا برائے چیست

---

[1] اس مضمون پر مراد شاہ کا ترجیع بند "ما مریداں"۔ اور

[2] مثنوی "مراد العاشقین" قابل دید ہے۔ نامی

امروز چوں جمال تو بے پردہ ظاہر است
در حیرتم کہ وعدۂ فردا برائے چیست
زاہد بطعنہ گفت کہ در روئے بتاں مبیں
اے بے تمیز دیدۂ بینا برائے چیست
دلقِ جمال از گرہ بادہ جام شد
تسبیحِ طیلسان و مصلا برائے چیست

رخصتِ خلفاء

روزے ایں داعیٔ کافۂ اہلِ اسلام را طلبیدہ و بہ خرقہ و خلافت مشرف کردہ بحصارِ فیروز شاہ رخصت فرمودند۔ و چشم پُرآب کردہ بر زبانِ مبارک راندند کہ وقتِ وفات صدر العارف شیخ رکن الدین حاضر شدہ و در زمانِ رحلت شیخ فرید الدین رحمۃ اللہ علیہ۔ شیخ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ حاضر نہ گشت یا اخی من ابا بکر مارا معلوم می شود کہ تو نیز بوقتِ سفرِ من حاضر نخواہی شد۔ اما ترا بخدائے سپردم و ایں بیت بر زبانِ مبارک راندند

توئی مقصود اگر مشغولِ غیرم
توئی مطلوب اگر نزدیکِ دیرم

و شیخ برہان رحمۃ اللہ علیہ را بطرفِ قصبہ کانو واہن کہ در جوارِ شہر لہانور است رخصت فرمودند و شیخ ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ را در رسول کوٹ کہ در جوارِ شہر مذکور است و شیخ خیر الدین و شیخ گھمن لہای (؟) را در پنڈی

میر شہداد کہ در جوار شہر مذکور است رخصت فرمودند۔

خاتمہ

الحمد للہ رب العلمین ختم ملفوظ سلطان العاشقین قطب العالمین حضرت
رب العالمین شیخ الاسلام شیخ عبد الجلیل مشہور بشیخ چوہڑ حارثی الہاشمی
الہنکاری آل رسول اللہ الہاشمی باتمام رسید و باختتام انجامید۔ الحمد للہ رب
العالمین و درود بر خاتم النبیین و علی آلہ و اصحابہ و ازواجہ اجمعین برحمتک یا ارحم الرحمین۔
بتاریخ بست و ہفتم شہر محرم الحرام ۱۱۸۵ھ بوقت نیک در اولیاپور
جہت فرمائش کرم شاہ عرف میاں صاحب شیخ محمد حسینا جیو ملفوظ بزرگان
کامل قلمی نمودہ شد۔ اگر سہوے و خطائے شدہ باشد بقلم عفو اصلاح پوشند
و این احقر العباد را بدعائے خیر یاد نمایند۔ (دستخط) پُر تقصیر عباس قلی بیگ۔

بہاؤ الدین
خواہم
کرم شاہ
۱۱۸۶ھ

(نوٹ) کرم شاہ میرے نانا (غلام محی الدین شاہ بن قلندر شاہ) کے دادا
تھے۔ یہ نقل عباس قلی بیگ حضرت عبد الجلیل قطب العالم عظمہ اللہ تعالے کی
وفات سے تقریباً پونے تین سو سال بعد کی ہے اور اس سے میں نے آج ۵ شوال
۱۳۷۱ھ (یعنی ۱۸۶ سال ۔ ۹ ماہ ۔ ۸ دن بعد) مطابق ۲۸ جون ۱۹۵۲ء کو
بروز شنبہ بمقام اوکاڑہ تمد برخوردار محمد ابوبکر قطبی انسپکٹر نقل در نقل ختم کی۔

حضرت کریم شاہؒ نے سنہ ھ سے دس برس بعد سکھوں کی بدنظمی کی وجہ سے اپنی اولاد
سمیت لاہور سے اپنے خسر میر نورالحسین صاحب عقیلی الہاشمی کے پاس لکھنؤ تشریف
لے گئے اور سنہ ۱۲۷۱ھ میں واپسی کے وقت شاہجہانپور میں قزاقوں کے ہاتھ سے
شہید اور دفن ہوئے۔ جیسا کہ ان کے فرزندوں (مراد شاہؒ۔ قلندر شاہؒ اور
فرح بخش کی تحریروں سے ثابت ہے۔ ملاحظہ ہو نامۂ مراد۔ اذکارِ قلندری۔ تاریخ جلیلیہ وغیرہ
میں فروری ۱۹۵۱ء میں آگرہ سے (پہلی دفعہ سوا مہینہ رہ کر) جب لوٹ ہو گیا
تو تذکرہ قطبیہ متواتر بیٹھ کر نقل کرنا شروع کیا جس سے عارضہ تشنج لاحق ہو گیا
جو حصہ باقی رہا وہ اب پھر آگرہ آکر ختم کیا ہے۔ تاکہ خوشنویس سے صحیح کر شائع
کر دیا جائے۔ اور مصنف (حضرت جمال الدین اباکبرؒ) کی تصنیف محفوظ ہو جائے
وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت وھو المتین۔

غلام دستگیر نامی متولی اوقافِ اشرف

تاریخِ وفات حضرت قطب العالم عظمہ اللہ تعالیٰ

نتیجۂ طبع حضرت ابوالبقا ابن ابوالفتح بن برخوردار بن عبدالجلیل بن ابوالفتح بن
عبدالجلیل قطب العالمؒ

عارف و کامل و مسیح زماں — قبۂ شرع پیر وحدت داں
شیخ والا سپہر آلِ رسولؐ — مقتدائے جہانِ اہلِ رواں
وصلتش با حبیب در ہمہ حال — فارغ از قیل و قالِ ہر دو جہاں
از برائے لقائے رویتِ او — انبیا بودہ اند قلبِ تپاں

راست گویم کہ سخن کہ توئم — گفتمت مدحِ شیخ کون ومکاں
عقل من وصفِ او چگونہ کند — وہم ہم لنگ در صفاتش داں
چوں ازیں دہر رحلتے فرمود — شد جہاں تیرہ نزدِ اہلِ دلاں
از زمیں تا بچرخ در نوحہ — ہم ملائک شدند ہم انساں
شب سیہ پوش شد ز ماتمِ او — زہرہ مو کند و ماہ روئے کناں
مشتری و عطارد و مریخ — ہمہ در ہجرِ او شدہ رقصاں
قطب پابند شد ز محنت و غم — روز نعرہ زناں و جامہ دراں
زبر و زیر شد زمین و زمن — آنچناں خاست نالہا و فغاں
رحلت و ہجرتے چو او فرمود — نہ صد و بیشتر سال بود دراں
ایں سخن گوش کن گر انسانی — کہ نہ کردہ وفا بکس دوراں
دل فریبی ہمی کند اوّل — آخر الامر میکند حیراں
اے بقا چوں بقائے ممکن نیست — دل چرا بستۂ دریں ویراں

ایضاً من کلام ملک دولت خاں کھوکھر جنبیرۂ ملک مرد اللہ کھوکھر

دریں ویرانہ کاخِ دیر بنیاد — سفر باید گزیدن شاد و ناشاد
چوں قطب العالمین خورشیدِ دنیا — کہ بودہ مقتدائے پیر و برنا
رواں شد آشکارا زیں جہانے — نماند کس بہ گیتی جاودانے

۱؎ اس تاریخِ وفات میں اور اُس میں جو مؤلف نے تاریخِ جلیلہ کے صفحہ ۱۹۲ میں نقل کی ہے کہیں کہیں لفظی و معنوی اختلاف ہے۔ اور اس تفاوت سے کوئی کتاب قرآن شریف کے سوا محفوظ نہیں۔ نقل کرنیوالے تصرف کر دیا کرتے ہیں۔ بہرحال پیشِ نظر نسخہ میں جو تحریر ہے ......

...... وہ بنظرِ اصلاح بتصرفِ قلیل نقل کرتا ہوں۔ اسی طرح ملک دولت خاں کی تاریخ بھی بعد تصحیح درج کی جاتی ہے۔ نامی

خرد گفتا ز تاریخ وصالش　　"بعرش آمد ولیِ مرز" سالش

تاریخ طباعت تذکرہ قطبیہ از نامی منشی

میں بھائی قطبِ عالم کے اکبر　　جمال الدین لقب جنکا ہوا ہے
انہی کی نادرہ تصنیف ہے یہ　　جو نامی تذکرہ اب چھپ رہا ہے
رہے وہ آگرہ میں جا کے آخر　　بنا مدفن جہاں جوگی پورہ ہے
وصایائے محمد کی لکھی شرح　　اصولِ بزدوی کی بھی بجا ہے
پڑھو غوثی کی تم اذکارِ ابرار　　رقم اسمیں ہے جو میں نے لکھا ہے
یہ ہے عہدِ جہانگیری کی تصنیف　　اب اسکا ترجمہ بھی چھپ گیا ہے
حمیدی تذکرہ ہے جنکی تالیف　　انہوں نے بھی یہی انشا کیا ہے
یہ چھپی اردو میں ہے بستانِ اخیار　　ابابکر اس میں بھی جلوہ نما ہے
لیا مشکل سے میں نے تذکرہ نقل　　اثر محنت کا صحت پر پڑا ہے
شجاع الدین ایم اے نے چھپایا　　خدا کے فضل سے پورا ہوا ہے
یہ فیضِ اشرفِ عالم ہے نامی　　کہ محفوظ و مصون یہ تذکرہ ہے
طباعت کی جو ہے تاریخ مطلوب　　تو کہہ دو تذکرہ زیبا چھپا ہے

۱۳۷۱ھ

ولہٗ

قطبِ عالم کا یہ زیبا تذکرہ　　کیوں محبوں کو نہ ہو محبوب آج
طالبوں کے دل فرح آباد ہیں　　ان کو حاصل ہو گیا مطلوب آج
اسکی تاریخِ اشاعت برمحل　　کہہ دو نامی تذکرہ ہے خوب آج

۱۹۵۲ء

(۲۹/۶/۵۲)

جادہ جویائے حق

ملفوضات: عارف کامل شیخ طریقت سہروردیہ

حضرت الصوفی محمد نذیر غوریؒ سہروردی اعظم اللہ ذکرہ'

مرتبہ: فقیر سید اویس علی سہروردی

اکیسویں مجلس

قدم بوسی کے لئے حاضر ہوا تو آپ اپنے چند احباب کے ساتھ ملکی حالات پر گفتگو فرما رہے تھے۔ آپ پر اللہ تعالیٰ اپنی رحمتیں دراز فرمائے آپ نے ارشاد فرمایا منافقت چاہے عام زندگی میں ہو یا قومی و بین الاقوامی سیاست میں' یہ ایک قبیح فعل ہے آج ہمارے حالات اس لئے دگرگوں ہیں کہ ہم زندگی کے معاملات میں منافقت کا سہارا لے رہے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ معاشرے سے برکت اٹھا لیتا ہے۔ اور جب ایک دفعہ برکت اٹھ جائے تو پھر توبہ النصوح کے بغیر برکت کا لوٹایا جانا محال ہے۔ ہمارے علماء کا حال بھی اس سے خالی نہیں۔ صدر ضیاء الحق کو مشورے دینے والے علماء بھی اسی ذیل میں آتے ہیں وہ دین کا پورا پیغام اس تک نہیں پہنچاتے اگر پہنچاتے ہیں اور وہ نہیں مانتا تو دینی اعتبار سے وہ منافق ہے اور اگر یہ پیغام پہنچانے کے بعد یہ جانتے ہوئے کہ وہ بات نہیں مانتا اس کے ساتھ اپنی مراعات کے ختم ہو جانے کے ڈر سے علیحدہ نہیں ہوتے تو پھر یہ منافق ہیں۔ میرے خیال میں یہ بہت بری حرکت ہے جو یہ لوگ دین متین کے ساتھ کر رہے ہیں۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ "دین میں پوری طرح شمولیت اختیار کرو" یہ نہیں کہ کچھ

باتیں اس میں ہنود و نصاریٰ والی ہوں اور کچھ دین اسلام کی۔ چند دن بیشتر کے بات ہے میں اسی قسم کے خیالات کسی دوست سے بیان کر رہا تھا اور صدر ضیاء الحق کے متعلق اس امر کا اعادہ کر رہا تھا کہ وہ نفاذ شریعت کے معاملے میں جان بوجھ کر سستی کر رہا ہے اسی رات مجھے قدوۃ السا لکین حضرت علی ہجویری داتا گنج بخش قدس سرہ' ملے اور فرمایا تم اس معاملے میں خاموش رہو اور اس کے متعلق کوئی بد دعا نہ کرنا۔ چنانچہ میں تو بحکم ویسے ہی کر رہا ہوں مگر میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے دینی بگاڑ میں ہمارے ساتھ مولوی" مفتی اور علماء برابر کے شریک ہیں اللہ ہمیں بھی ہدایت دے اور ان کو بھی۔

اس موقع پر آپ نے قطب عالم حضرت میاں غلام محمد سہروردی حیات گڑھی رحمت اللہ علیہ کا فرمان سناتے ہوئے ایک حکایت بیان فرمائی۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنا فضل و کرم دراز فرمائے آپ نے ارشاد فرمایا کہ ایک دفعہ میں اپنے گھر سے بازار کی جانب جا رہا تھا کہ راستے میں مجھے میرے والد گرامی کے ایک دوست مل گئے اور میرا حال احوال پوچھنے لگے۔ دوران گفتگو انہوں نے حضرت توکل شاہ انبالوی رحمت اللہ علیہ کا ایک واقع بیان فرمایا کہ بچپن میں حضرت کے شیخ آپ کے قصبے میں تشریف لائے تو کھیلتے ہوئے حضرت توکل شاہ صاحب رحمت اللہ علیہ وہاں چلے گئے اور سلام عرض کیا آپ نے ارشاد فرمایا کہ توکلا بڑی دیر لا کے آیا ایں ہون دس اک او ای وار یا آہستہ آہستہ یعنی تو کل شاہ بڑی دیر لگا کر آئے ہو اب یہ بتاؤ کہ آہستہ آہستہ یا ایک ہی بار۔ آپ نے بچپنے کے بھول پن میں عرض کی کہ ایک ہی بار۔ آپ کے شیخ نے توجہ فرمائی تو حضرت توکل شاہ بنالوی رحمت اللہ علیہ کے ناک اور منہ سے خون جاری ہو گیا اور آپ بے ہوش ہو گئے۔ یہ تو آپ کا ابتدائی دور تھا اور بعد میں آپ خود کسی پر توجہ فرماتے تو اس کا بھی یہی حال ہو جاتا۔ میرے والد کے دوست جب یہ بتا رہے تھے تو میں ادبا" ان کی ہاں میں ہاں ملا رہا تھا۔ مگر میرا دل یہ بات نہ مانتا تھا دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھ کر جب میں واپس آیا تو مجھے کچھ تھکاوٹ سی محسوس ہوئی اور میں لیٹ گیا۔ میں لیٹا تو خواب میں حضرت قطب

عالم قدس سرہ' ملے اور فرمانے لگے کہ تم اس شخص کی باتیں کیوں نہیں مانتے تھے؟ کیا ولی میں یہ طاقت نہیں ہوتی کہ وہ توجہ کرے اور اس کے اثرات ایسے ہوں۔ میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی کہ میں ولی کے تصرفات کا منکر نہیں مگر میرا دل یہ نہیں مانتا کہ ایک انسان دوسرے کی طرف دیکھے اور اس کے منہ سے خون جاری ہو جائے۔ آپ نے غصے سے فرمایا میں درویش ہوں کوئی کنجر نہیں میں یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ میرا کوئی مرید کسی ولی کی توہین کرے۔ اٹھو اور اٹھ کر میرے سامنے بیٹھ جاؤ۔ میں خواب میں ہی آپ کے سامنے بیٹھ گیا آپ نے توجہ فرمائی اور مجھے ایک دم سخت بخار ہو گیا۔ میں نیند سے بیدار ہوا تو میرا جسم بخار کی وجہ سے سخت درد کر رہا تھا اور مجھ سے بیٹھا نہیں جا رہا تھا میں کام سے چھٹی لے کر گھر چلا آیا کوئی تین ماہ کے قریب مجھے یہ بخار رہا۔ ہر طرح کے علاج کروا لئے مگر کوئی آفاقہ نہ ہوا آخر ۳ ماہ بعد حضرت قطب عالم قدس سرہ' لاہور تشریف لائے اور اپنے خادم سے فرمانے لگ کہ جاؤ نذیر کو بلا کر لاؤ۔ اس خادم کے میرے پاس پہنچنے سے پہلے میرا بخارا اتر چکا تھا میں نے اسے کہا میں ابھی منہ دھو کر حاضر خدمت ہوتا ہوں۔ وہ چلا گیا تو میں بھی کچھ دیر بعد آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔ آپ اس موقع پر غلام کی طرف متوجہ ہوئے اور آبدیدہ ہو کر فرمایا کہ حضرت قطب عالم قدس سرہ' السای نے مجھے دیکھتے ہی ارشاد فرمایا۔

"کیوں بھی توجہ کا اثر ہوتا ہے یا نہیں"؟ میں نے عرض کیا حضور ہوتا ہے آپ نے ارشاد فرمایا تو پہلے کیوں نہ مانے۔ میں نے عرض کیا حضور دل نہیں مانتا تھا اب مشاہدہ ہوا ہے تو دل نے اقرار کیا ہے۔ آپ نے فرمایا شاباش جو بات دل نہ مانے اسے کبھی نہ ماننا اگر مانو گے تو منافق ہو جاؤ گے اور منافق کو اللہ تعالیٰ بخشیں گے نہیں اور ساتھ ہی وہی الفاظ دوہرا دیئے جو دوران خواب فرمائے تھے کہ "میں درویش ہوں کنجر نہیں میں نہیں پسند کرتا کہ میرا مرید کسی درویش کی توہین کرے"

یہ فرماتے ہوئے آپ پر رقت طاری ہو گئی۔ کچھ دیر بعد آپ نے شریک محفل احباب کو متوجہ کیا اور فرمایا۔ دوستو اب آپ اندازہ کریں کہ فقیر کی منافقت

کس درجہ میں ہوتی ہے۔ اس کے خیال میں بھی اگر منافقت آ جائے تو اگلے درویش اسے بھی باعث سرزنش تصور کرتے ہیں۔ ہم اگر اس تناظر میں اپنے اردگرد کے حالات پر غور کریں تو ہم پر یہ بات عیاں ہو جائے گی کہ اللہ کی پکڑ جلد یا بدیر ضرور ہو گی۔ کیونکہ ہمارے چلن اس بات کی غمازی کر رہے ہیں کہ ہمیں سزا دی جائے۔

------ ☆ ------

تینتیسویں مجلس

دست بوسی کے لئے حاضر ہوا تو آپ سے چند احباب فقہی سوالات پوچھ رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنا فضل و کرم دراز فرمائے آپ نے وضو اور غسل سے متعلق احکامات بیان فرماتے ہوئے کہا کہ حدث گندگی کو کہتے ہیں اس کی دو قسمیں ہیں حدث اکبر اور حدث اصغر' ایسے عوامل جن سے غسل واجب ہوتا ہے اسے حدث اکبر کہتے ہیں اور ایسے عوامل جن سے غسل واجب نہ ہو بلکہ صرف وضو ٹوٹ جائے اسے حدث اصغر کہتے ہیں۔ جیسے ریح کا اخراج یا پیشاب' پاخانہ وغیرہ کا آنا۔

اس موقع پر ایک شخص غلام محی الدین نے عرض کی کہ حضور کپڑے سے نجاست کس قدر لگی ہو تو وضو یا غسل کرنا پڑے گا۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنی عنایات دراز فرمائے' آپ نے فرمایا بھائی نجاست بدنی کا تعلق یہ ہے کہ اگر بدن پر لگ جائے تو اسے دھو ڈالنا چاہیے اور پھر وضو یا غسل کرنا چاہیے امام ابوحنیفہ رحمت اللہ علیہ کے نزدیک اگر کپڑے پر ایک درھم سے بڑی جگہ نجاست نے غلیظ کر دی ہے تو حسب استطاعت کپڑوں کا بدلنا لازمی ہے نجاست کا کپڑوں پر لگ جانے سے

وضو ضائع نہیں ہوتا چاہے کہ اتنی نجاست لگ جائے کہ غسل کرنا واجب ہو جائے۔
ایک دفعہ حضرت امام ابو حنیفہ کے پاس ایک ایسا آدمی آیا جس کا پالتو جانوروں کا ریوڑ تھا اس نے عرض کی کہ جانوروں کا دودھ دھوتے وقت اکثر جانور کے پیشاب کے چھینٹے کپڑوں پر پڑ جاتے ہیں میرے لیے کیا حکم ہے آپ نے فرمایا کہ جس وقت وہ خشک ہو جائیں تم نماز پڑھ لیا کرو کیونکہ تمہارا کام ہی یہی ہے۔

تھوڑی دیر بعد ایک اور شخص آیا اور اس نے پوچھا کہ اگر کپڑوں پر پیشاب کے چھینٹے پڑ جائیں تو کیا حکم ہے آپ نے فرمایا تم کپڑے بدل کر غسل کرو اور نماز پڑھو۔ قریب بیٹھے ہوئے شاگردوں نے اس کے متعلق دریافت کیا کہ عذر ایک ہی تھا مگر آپ نے حکم علیحدہ علیحدہ دیا ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ پہلا شخص اگر ہر دفعہ کپڑے بدلے تو وہ اسی کام میں لگا رہے اور نماز نہ پڑھ سکے دوسرا شخص چونکہ صاحب حیثیت ہے اس لئے وہ ایسا کر سکتا ہے کیونکہ دین میں سختی نہیں ہے۔

شرع نے یہ آسانیاں اس لیے پیدا کی ہیں کہ مسلمان کے فرائض ترک نہ ہوں کیونکہ انسان کو اللہ تعالی نے اپنی عبادت کے لئے ہی پیدا کیا ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔ "و ما خلقت الجن و الانس الا لیعبدون" ہم نے انسانوں اور جنوں کو اپنی عبادت کے لئے پیدا ہے۔

----- ☆ -----

تینتیسویں مجلس

قدم بوسی کے لئے حاضر خدمت ہوا تو آپ کے ایک مرید با اخلاص محمد انیس سلمہ اللہ تعالی کتاب الفقہ مولفہ علامہ الجزیری رحمت اللہ علیہ آپ کو پڑھ کر سنا رہے تھے۔ میں دست بوسی کے بعد ایک جانب بیٹھ گیا۔ آپ پر اللہ تعالی اپنا فضل

و کرم دراز فرمائے آپ نے ارشاد فرمایا چونکہ چند روز بعد عید قربان آ رہی ہے اس لیئے قربانی کے مسائل دہرائیں تاکہ آپ کو یاد آ جائیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ ان مسائل کا سامنا ہمیں سال میں ایک بار ہوتا ہے اس لئے ہم قربانی کے جزئی مسائل بھول جاتے ہیں۔

جب برادرم محمد انیس سہروردی سلمہ اللہ تعالی قربانی کے مسائل پڑھ چکے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنے چاہیں اور ان میں سے ایک حصہ صدقہ' ایک حصہ ہدیہ' اور ایک حصہ اپنے استعمال کے لئے رکھنا چاہیے۔ اسی طرح عقیقہ کے گوشت کے بھی تین برابر حصے کر کے تقسیم یا استعمال کرنے چاہیں۔ اسی سے متعلقہ ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ اگر ایسی جگہ اور ایسا وقت آ جائے کہ نماز عید کے ہونے کا پتہ نہ چل سکے تو ایسی صورت میں اتنی تاخیر کرنی چاہیے کہ یقین ہو جائے کہ عید کی نماز ہو چکی ہو گی اگر نماز عید سے پہلے قربانی کر لی اور اس کا گوشت کھا لیا تو اس طرح قربانی نہ ہو گی۔

۱۹۵۰ء کے لگ بھگ جب لاہور میں سیلاب آیا تو میں ان دنوں علاقہ شاد باغ میں رہتا تھا ہمارا سارا علاقہ پانی کی وجہ سے ہر طرف سے بند کر دیا گیا تھا فوجی جوان علاقے میں نہ کسی کو آنے دیتے اور نہ جانے دیتے تاکہ کوئی وبائی مرض نہ پھوٹ پڑے انہوں نے بڑا اچھا انتظام کیا ہوا تھا۔ انہی ایام میں عید الضحی آ گئی دوسرے دن جب راستے کھلے تو میرے برادر بزرگ محمد شریف غوری مرحوم (م۱۹۷۴ء) تشریف لائے۔ میں نے ان سے عید کی نماز کے متعلق پوچھا تو میرے بھائی صاحب نے بتایا کہ عید تو کب کی ہو چکی آج عید کا دوسرا دن ہے۔ میں نے یہ واقعہ حضرت شیخ الاسلام قدس سرہ' کی خدمت میں پیش کیا آپ نے فرمایا کہ بیٹا آپ قربانی کر دیں کیونکہ یہ امر مجبوری تھا کہ آپ نماز عید نہ پڑھ سکے۔ اس موقع پر ایک شخص غلام محی الدین نے دریافت کیا کہ حضور یہ ارشاد فرمائیں کہ قربانی کے گوشت میں سے ایک سے زیادہ حصے بھی لیے جا سکتے ہیں۔

اللہ تعالی آپ پر اپنا فضل و کرم دراز فرمائے! آپ نے ارشاد فرمایا کہ بھائی

زیادہ گوشت اس صورت میں لے سکتا ہے جب وہ بڑے کنبے والا ہو اور قربانی کے علاوہ گوشت کم ہی کھانے کی استطاعت رکھتا ہو اسے چاہیے کہ گوشت اپنے عیال پر کھل کر صرف کرے۔ کیونکہ احادیث میں آتا ہے کہ اپنے عیال پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہی ہے۔ حضرت اوس بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھر گئے تو کسی بات پر اپنی بی بی (خولہ بنت ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے جھگڑا ہو گیا۔ اس زمانے میں ابھی طلاق کی آیات نازل نہیں ہوئی تھیں اور طلاق کا یہ دستور تھا کہ مرد عورت کو یہ کہہ دیتا تھا کہ تمہاری پیٹھ تو میری ماں جیسی ہے۔ ان اصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طیش میں آ کر مندرجہ بالا الفاظ کہہ دیئے۔ ان کی اہلیہ صاحبہ نے کہا کہ آپ نے یہ کہہ کر علیحدگی تو اختیار کر لی ہے اب یہ بتاؤ کہ اتنے زیادہ بچے کیسے پلیں گے۔ چنانچہ اس زمانے میں اصحاب کرام رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین یہ عمل کیا کرتے تھے کہ کسی سے کوئی غلطی سرزد ہو جاتی تو وہ نماز فجر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقتدا میں پڑھ لیتا اور اس کی وہ لغزش اللہ تعالی معاف فرما دیتے۔ چنانچہ اس اصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اسی طرح کیا۔ نماز فجر کے بعد سرکار علیہ الصلوۃ وسلام کی خدمت میں مسئلہ پیش ہوا تو آپ نے فرمایا کہ طلاق ہو گئی ہے کیونکہ مجھے ابھی اس سے متعلق احکامات نہیں ملے اس موقع پر ان اصحابی کی زوجہ محترمہ عرض کرنے لگی کہ سرکار صلی اللہ علیہ وسلم اگر یہ طلاق ہو گئی تو یہ بچے کون پالے گا۔ یہ فرماتے ہوئے آپ آب دیدہ ہو گئے اور روتے ہوئے ارشاد فرمانے لگے اندازہ لگائیں کس شان کے وہ لوگ تھے کہ ۲۸ پارہ شروع ہی ان آیات سے ہوتا ہے "قد سمع اللہ"۔ ارشاد باری تعالی ہے بیشک آپ کا رب یہ سب کچھ سن رہا ہے جو یہ عورت آپ سے جھگڑ رہی ہے۔ یعنی ایسی پاکیزہ اور پیاری ہستیاں تھیں کہ اسلامی قوانین کی بنیاد اور ان کی تبدیلیاں ان کی درخواستوں اور تکرار سے ہوتے تھے۔

چنانچہ جب آیات نازل ہو چکی تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ایک غلام آزاد کرو اس نے عرض کی کہ حضور میں اتنی استطاعت نہیں رکھتا آپ نے ارشاد فرمایا تو پھر مسلسل ۲ ماہ کے روزے رکھو۔ اس نے عرض کی سرکار میں

اس کی طاقت نہیں رکھتا آپ نے ارشاد فرمایا اچھا یوں کرو کہ ۶۰ مساکین کو کھانا کھلاؤ۔ اس نے عرض کی کہ حضور میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا۔ اسی دوران ہدیہ کے لئے ایک شخص نے آپ کے خدمت میں کھجوریں پیش کیں آپ نے وہ کھجوروں کا ٹوکرا اسے دے دیا کہ یہ لے جاؤ اور اسے تقسیم کر دو انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ ہم سے زیادہ مدینہ میں اور کون مستحق ہو گا آپ ﷺ نے تبسم فرمایا اور کہا اچھا جاؤ خود بھی کھاؤ۔ اور گھر والوں کو بھی کھلاؤ تمہارا صدقہ ہو گیا۔

----- ☆ -----

چونتیسویں مجلس

دست بوسی کے لئے حاضر خدمت ہوا تو آپ درود شریف کی عظمت بیان فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ پر اپنا فضل و کرم دراز فرمائے' آپ نے ارشاد فرمایا کہ درود پاک پڑھنے والے تین طرح سے ہیں۔ ایک گروہ کا درود شریف تو آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ فرشتے اس کام پر مشغول ہیں کہ وہ درود شریف آپ کی خدمت میں اس امتی کی طرف سے پیش کرتے ہیں اور ساتھ بتاتے ہیں کہ سرکار ﷺ یہ درود پاک آپ کے فلاں امتی کی طرف سے ہے۔ فلاں کا یہ بیٹا ہے اور فلاں جگہ رہائش پذیر ہے۔ دوسرا طبقہ ایسا ہے جس کا درود شریف آپ خود سنتے ہیں اور تیسرے طبقے کے امتی ایسے ہیں جو سرکار دو عالم ﷺ کے سامنے بیٹھ کر درود شریف پڑھتے ہیں۔

درود شریف ہر امتی کو پڑھنا لازم ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی سنت ہے ارشاد خداوندی ہے کہ "میں اور میرے فرشتے آپ ﷺ پر درود بھیجتے ہیں اے

ایمان والوں تم بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجو" اس موقع پر آپ نے اپنے ایک دوست چودھری امتیاز سہروردی سلمہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا کہ جب آپ کے دوست عثمان خاں صاحب میرے غریب خانہ پر تشریف لائے تھے اور ان لوگوں کی طرف سے گفتگو فرما رہے تھے جو درود شریف پڑھنے کے اوقات پر اعتراض کرتے رہتے ہیں۔ جواباً" میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا جسے سن کر وہ بہت خوش ہوئے کہ "درود شریف پڑھنے کا ہر ایک کو حکم ہی نہیں ہے بلکہ یہ مومنین کو حکم ہے۔ خاص کر ان لوگوں کے لئے جو سرکار کی محبت کو اپنی جان سے زیادہ عزیز جانتے ہیں۔

اس موقع پر آپ نے آب دیدہ ہو کر سیرت النبی ﷺ سے ایک واقعہ سنایا کہ ابتدائی دور میں ایک روز آپ ﷺ اپنے اصحاب سے کسی موضوع پر ارشادات فرما رہے تھے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر خدمت ہوئے آپ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آمد کے ساتھ ہی وہ مطالب ارشاد فرمانے بند کر دیئے۔ اس پر کچھ اصحاب نے اسے غلط رنگ میں سمجھا۔ جب آپ ﷺ نے یہ محسوس فرمایا تو دفعتاً" حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آپ ﷺ نے سوال کیا کہ "اے عمر تم مجھ سے کتنی محبت رکھتے ہو" حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی سرکار ﷺ اپنی جان کے علاوہ آپ پر سب کچھ قربان۔ حضور پر نور، شافع یوم النشور علیہ الصلوۃ والسلام نے آپ کی جانب چند لمحوں کے لئے دیکھا اور دوبارہ وہی سوال دوہرایا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پکار اٹھے سرکار اپنی جان سے بھی زیادہ آپ کو عزیز رکھتا ہوں۔

یہ چند لمحے جو آپ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف دیکھا اور آپ کے خیالات کو بدل دیا صوفیاء کے نزدیک یہ توجہ ہے اس سے درویش بہت کام لیتے ہیں اور کئی ایک کے خیالات بدل دیتے ہیں۔

----- ☆ -----

نور محمد قادری
گجرات

حضرت بابا جنگو شاہ سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کا

عرفانی مقام

میاں محمد صاحب، مولوی سید چراغ شاہ صاحب اور
حضرت قاضی سلطان محمود صاحب رحمتہ اللہ علیہم
کی نظر میں

حضرت شاہ گل حسن قادریؒ تذکرہ غوثیہ میں اپنے پیر و مرشد حضرت سید غوث علی شاہ صاحب قلندر پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی تحریر کرتے ہیں۔

"ایک روز ارشاد ہوا کہ اولیاء اللہ کی بہت سی قسمیں ہیں۔ اگرچہ ٹھیک ٹھیک سوائے ذات پاک کے کوئی بھی نہیں جانتا لیکن مشہور یہ ہیں۔ قطب ارشاد، قلندر مدار، قلندر، خضر وقت، ابدال، اوتاد ...."

قلندر وہ ہے کہ تجرید و تفرید میں یکتا، اور بے پرواہ ہو اور تمام عالم کا حال اس پر آئینہ ہو اور جو وصف کہ عارفوں میں ہونا چاہیئے اس میں بے مثل ہو۔ اور شرط ہے کہ مجذوب بھی ہو اور سالک بھی جیسے حضرت شیخ شرف الدین بو علی قلندر تھے یا اس زمانہ میں حضرت جنگو شاہؒ گذرے ہیں۔" (۱)

غوث علی شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں:۔

"بو علی قلندر صاحب، کا مرشد سوائے حضرت علی مرتضیٰ علیہ السلام کے اور کوئی نہیں اور یہ بات کچھ تعجب کی نہیں ہے۔ بعض بزرگوں کو اسی طور سے فیض ہوا ہے۔ چنانچہ حضرت ابوالحسن خرقانی کو بایزید بسطامی سے فیض ہوا حالانکہ ان کے انتقال کو سو برس گذر چکے تھے۔" (۲)

یہ عجیب اتفاق ہے کہ حضرت بو علی قلندرؒ اور بابا جنگو شاہ صاحبؒ دونوں کا اسم گرامی شرف الدین ہے۔ دونوں اویسیہ طریقہ سے فیض یاب ہوئے ہیں۔ حضرت بو علیؒ براہِ راست حضرت مولا علی علیہ السلام سے اور جنگو شاہ سہروردی حضرت شاہ دولہ دریائی سے۔

جنگو شاہ صاحبؒ گجرات شہر سے پانچ میل دور شمال کی طرف بھمبر روڈ کے کنارے ایک گاؤں ہلمو کھوکھر میں پیدا ہوئے۔ (۳) اس گاؤں کی آبادی کی اکثریت کھوکھر قوم سے تعلق رکھتی ہے لیکن جنگو شاہ صاحبؒ تیلی خاندان کے ایک فرد تھے۔ معلوم نہیں ہو سکا کہ آپؒ نے دینی تعلیم کہاں تک حاصل کی ہے۔ بہرحال پڑھے لکھے ضرور تھے۔ تمام عمر مجاہدات و ریاضاتِ شاقہ میں گذار دی۔ آپ نے روحانی فیض سہروردی سلسلہ کے مشہور ترین بزرگ حضرت شاہ دولہ دریائیؒ سے اویسیہ پر حاصل کیا اور اپنے وقت کا بیشتر حصہ حضرت شاہ دولہ صاحبؒ کے مزار پُر انوار پر گذارتے۔

آپ کے وجود بابرکت سے ہزارہا افراد فیض یاب ہوئے۔ کبھی کوئی سائل خالی نہ گیا۔ ان فیضیاب ہونے والوں میں حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت مولوی سید چراغ شاہ صاحبؒ اور حضرت قاضی صاحب رحمۃ اللہ دربار آوان شریف نمایاں حیثیت کے مالک ہیں حضرت میاں صاحب کی حضرت جنگو شاہ صاحبؒ کی خدمت میں حاضری کا بیان ملک محمد ٹھیکیدار اس طرح بیان کرتے ہیں۔

"ایک مرتبہ آپ دربار شریف کھڑی سے صحرا کو نکلے۔ کوزۂ آب ہاتھ میں تھا۔ پاپوش اور کمبل اوپر راستہ میں کسی نے شناخت کر کے قندِ سیاہ دے دیا۔ موسم گرما تھا۔ براہِ راست بخدمت بابا جنگو شاہ صاحبؒ مقام چکوڑی (۶) ضلع گجرات میں مشہور ولی کامل تھے پہنچے۔ ان کی کمالیت کا خاص و عام میں شہرہ تھا۔ بڑے

مجذوب صاحب حال ولی تھے۔ اس وقت چند ماہ گزر گئے کہ وہ دن رات ایک مقام پر کھڑے رہے۔ پائے مبارک پر ورم ہو گیا۔ حتیٰ کہ پاؤں کے زیادہ ورم کی وجہ سے چمڑا پھٹ کر بعض جگہ زخم بھی ہو گئے تھے۔ حضرت قبلہ جب وہاں پہنچے تو بابا صاحب کے پاس جا کر کھڑے ہو گئے اور قند سیاہ ہاتھ میں رکھ کر ان کو پیش کیا۔ شاہ صاحب کی نگاہ آسمان کی طرف تھی اور ذکر میں مشغول تھے۔ حضرت قبلہ کا عہدِ شباب تھا، جسم میں طاقت تھی۔ فرمایا کرتے تھے ہم نے دل میں ارادہ کر لیا تھا کہ جب تک بابا زمین پر نہ بیٹھیں گے ہم برابر اسی طرح روبرو ان کے کھڑے رہیں گے۔ اسی خیال میں ایک گھنٹہ گذرا ہو گا۔ بابا صاحبؒ نے ہم کو دیکھا اور فرمایا تم اس درخت کے سایہ میں ٹھہرو ہم آتے ہیں۔ آپ یہ ارشاد سُنکر اس درخت کے نیچے آکر کھڑے ہو گئے۔ تھوڑی دیر انتظار کیا مگر بابا صاحب اپنے مقام سے نہ سرکے۔ حضرت قبلہ نے پھر آہستہ آہستہ ان کی طرف دوبارہ قدم اٹھایا۔ یہ دیکھ کر بابا صاحبؒ نے فرمایا: "بھائیا میں آیا ٹھہرو۔" اس وقت جب بابا صاحبؒ نے قدم اٹھایا تو بڑی تکلیف محسوس ہوئی۔ قدم نہ اُٹھ سکتا تھا۔ بڑی دقت سے تشریف لا کر درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔ قندِ سیاہ پیش کیا، شربت طلب کیا۔ آپ نے شربت بنا کر پیش کیا۔ حقہ طلب کیا۔ وہ آپ نے مہیا کیا۔ آپ حقہ نوشی کرتے تھے اور حضرت قبلہ کو ارشاد کیا۔ گو آپ کو حقہ کی عادت نہ تھی مگر تعمیل ارشاد کیا۔ بمشکل رخصت لے کر واپس تشریف لائے۔ بارہا حضرت قبلہ کو یہ فرماتے سنا کہ بابا جنگو صاحبؒ اپنے زمانہ میں بے نظیر ولی تھے۔ آپ کا مقام بہت بلند تھا۔" (۵)

میاں محمد بخش ۱۹۰۷ء میں فوت ہوئے۔ مزار مبارک کھڑی شریف میں زیارت گاہِ خلائق ہے۔

مولوی سید چراغ شاہ صاحبؒ موضع بوکن متصل ڈیرہ بابا صاحب میں ۱۸۲۷ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ غریب باپ کے بیٹے تھے۔ ایک دن اپنے مویشی جھمبر جانے والی سڑک پر چرا رہے

تھے۔ ۱۴/۱۳ سال عمر تھی کہ باباصاحب آگئے اور کہنے لگے بھائیا (باباصاحب ہر کسی کو بھائیا ہی کہہ کر پکارا کرتے تھے۔ اس میں چھوٹے بڑے کی کوئی تمیز نہ تھی)۔ یہ سیدوں کا کام نہیں۔ مویشی چھوڑ دو اور سیالکوٹ جا کر مولوی غلام مرتضےٰ صاحب کے درس میں شامل ہو جاؤ۔ نوجوان چراغ شاہ نے اسی وقت اپنے گھر والوں کو بتائے بغیر باباصاحب سے راستہ دریافت کر کے سیالکوٹ کا راستہ لیا۔ چند سال جناب مولوی غلام مرتضےٰ صاحبؒ کی خدمت میں رہ کر درس نظامی (علوم اسلامی) کی تکمیل کی اور وہیں مستقلاً کشمیری محلہ میں رہائش اختیار کر لی۔ حضرت علامہ اقبالؒ کے والد صوفی نور محمد (۱۶) سے گہرے تعلقات تھے۔ مشاہیر زمانہ ان کا ذکر بڑے ادب و احترام سے کرتے تھے۔ ان کی وفات پر برصغیر کے مشہور فاضل مولانا محمد حسن فیضی نے عربی زبان میں ایک طویل مرثیہ لکھا جو اورنٹیل کالج میگزین کے ڈاکٹر سید عبداللہ نمبر میں فارسی ترجمہ کے ساتھ شائع ہو گیا ہے۔

چراغ شاہ صاحب ۱۳۰۴ھ/۱۸۸۷ء میں فوت ہوئے اور آخری آرام گاہ موضع بوکن متصل ڈیرہ باباجنگو شاہ صاحبؒ میں واقع ہے۔ ضلع سیالکوٹ کے مشہور فاضل مولانا غلام حسین تاریخ وفات لکھی

نوک کلکم زد رقم بے او جہاں بے چراغ ؎

سنہ ۱۳۰۴ھ

وز لرضی الحق عنہ سال فوتش کن شمار

سنہ ۱۳۰۴ھ

شاہ صاحب کے بڑے بیٹے مولوی حافظ عبداللہ شاہ صاحب (م ۱۹۴۱ء مدفون چک ۱۵ شمالی تحصیل پھالیہ ضلع گجرات) بھی اکثر حضرت باباصاحبؒ کی خدمت بابرکت میں فیض حاصل کرنے کے لئے حاضر ہوتے رہے۔

حافظ صاحب ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوئے۔ اس طرح باباصاحبؒ کی وفات کے وقت ان کی عمر ۲۰ سال کے قریب تھی۔ حافظ صاحب حضرت قاضی صاحبؒ دربار آوان شریف کے خلیفہ مجاز تھے۔ میرے بچپن میں حضرت باباصاحب کے خاندان کی ایک نہایت ہی خوش شکل بڑی عمر کی

عورت ہر ماہ باباصاحبؒ کی نیاز دلوایا کرتی تھیں اور اس سلسلہ میں وہ ڈیرہ باباصاحبؒ سے متصل گاؤں میں بھی جایا کرتی تھیں۔ علاقہ کے لوگ ان مائی صاحبہ کی بہت زیادہ عزت و احترام کرتے اور حسبِ توفیق نیاز میں حصہ ڈالتے۔ یہ مائی صاحبہ گرمیاں ہوں یا سردیاں اُون کا بنا ہُوا ایک بھُورا (موٹا کمبل) بطور چادر لپیٹے رہتیں اور اس طرح وہ عام و خاص میں مائی بھورے والی کے نام سے مشہور تھیں۔

حضرت قاضی سلطان محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۱۹ء) قطبِ وقت حضرت اخوند عبدالغفور صاحب رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۸۷۷ء) دربارِ قادریہ غوثیہ سیدو شریف، ریاست سوات کے خلیفۂ مجاز تھے۔ حضرت قاضی صاحبؒ اپنے مرشد کے فرمان کے مطابق وفات تک حضرت شاہدولہ دریائی صاحبؒ کے مزارِ پُر انوار پر کسبِ فیض کے لیے حاضر ہوتے رہے۔ موجودہ دربار بھی حضرت قاضی صاحبؒ کا ہی تعمیر کردہ ہے۔ اس دور میں جامع مسجد ملحق دربار حضرت شاہدولہ صاحبؒ کے امام مسجد حافظ غلام احمد صاحبؒ (م ۱۹۳۰ء) تھے جو حضرت قاضی صاحبؒ کے مرید صادق اور مشہور ادیب و شاعر جناب شریف کنجاہی صاحب کے حقیقی نانا تھے۔

حضرت قاضی صاحبؒ ملھو کھوکھر بھی باباصاحبؒ کی خدمت میں حاضر ہوتے رہے۔ باباصاحب آپ پر بہت مہربان تھے اور انہوں نے اپنی روحانیت سے جی بھر کر حضرت قاضی صاحبؒ کو نوازا۔

حضرت قاضی صاحبؒ کے جانشین حضرت صاحبزادہ محبوب عالم صاحب رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۹۸۲ء) بھی بڑے ادب و احترام سے حضرت باباصاحب کا ذکر فرماتے۔ راقم الحروف اور اس کے بیٹے سید محمد عبداللہ کو حضرت صاحبزادہ صاحبؒ سے غلامی (بیعت) کا شرف حاصل ہے۔

حضرت صاحبزادہ صاحبؒ دسمبر ۱۹۸۲ء میں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ مزار شریف بھمبر روڈ پر عزیز بھٹی ہسپتال سے متصل جنوب کی طرف مرجعِ خاص و عام ہے۔ آجکل حضرت کے مزار پر ایک نفیس اور شاندار گنبد تعمیر ہو رہا ہے۔

مندرجہ بالا تینوں احباب، میاں محمد بخش، حضرت قاضی صاحب اور سید چراغ شاہ

صاحب رحمۃ اللہ علیہم حضرت بابا صاحبؒ سے باقاعدہ بیعت تو نہیں تھے لیکن انھوں نے ایک مرید صادق کی طرح بابا صاحب سے روحانی فیض حاصل کیا۔ اسی طرح سید نصیب علی شاہ صاحب دربارِ چھالہ شریف ضلع گجرات بھی حضرت بابا صاحبؒ کے مزارِ مبارک اور حضرت قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ذات بابرکات سے کافی فیض یاب ہوئے۔ سید صاحب کے والد سید عصر علی شاہ صاحب ساکن سید پور سیداں ضلع گورداسپور اولادِ نرینہ سے محروم تھے۔ حضرت بابا صاحب کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہوئے اور اولادِ نرینہ کے لیے دعا کرائی۔ بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دعا سے نصیب علی شاہ صاحب ۱۸۷۳ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کے سوانح نگار حافظ محمد فاضل صاحب ایم۔اے تحریر کرتے ہیں۔

”آپ کے والد ماجد سید عطر شاہ صاحب کے ہاں کافی عرصہ تک اولاد نرینہ نہ ہوئی۔ ہوئی تھی۔ آپ کے مریدوں کا حلقہ کافی وسیع تھا اور اہل چھالہ جو اپنے خاندان کے اعتبار سے تحصیل شکرگڑھ کے چھالہ خاندان سے متعلق ہیں، آپ کے مرید تھے آپ کبھی کبھی اپنے مریدوں کے ہاں ضلع گجرات میں تشریف لایا کرتے تھے۔ یہاں پر موضع ہلو کھوکھر میں جو گجرات شہر سے شمال کی طرف چند میل کے فاصلہ پر ہے۔ ایک مجذوب درویش بابا جنگو شاہ صاحبؒ رہتے تھے۔ ایک دفعہ سید عطر شاہؒ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اولاد کے لیے بارگاہ ایزدی میں دعا کی درخواست کی۔ آپ نے دعا فرمائی اور ساتھ ہی فرمایا کہ انشاءاللہ العزیز آپ کے ہاں بچہ پیدا ہوگا۔ جس کی پنڈلی پر سیاہ نشان ہوگا۔ ایسا ہی ہوا۔ قبلہ مرحوم خود فرمایا کرتے تھے کہ والد صاحب نے مجھے بتایا تھا کہ یہ پنڈلی پر کالا نشان، بابا جنگو شاہ صاحب علیہ الرحمۃ کا بتایا ہوا ہے اور میں روحانی طور پر آپ ہی کا مرید ہوں اس لئے آپ ان کے مزار پر بھی جایا کرتے تھے۔“ (۷)

سید صاحب جب تک زندہ رہے باقاعدگی سے حضرت بابا صاحبؒ کے مزار پر حاضر ہوتے رہے اور کسب فیض کرتے رہے۔ آپ کا مزار چھالے شریف میں مرجع خلائق ہے۔ حضرت بابا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مریدوں میں حضرت بابا غلام محمد سہروردی قدس سرہٗ حیات گڑھ (گجرات) معروف شخصیت تھے۔

لوگ ان کا بہت ادب و احترام کرتے۔ آپ کی شہرت کی ایک وجہ آپ کا بے پناہ کشف تھی۔
سائیں گوہر چیندڑ شریف والے آپ ہی کے مرید تھے۔

حوالہ و حواشی

۱۔ تذکرہ غوثیہ رتبہ شاہ گل حسن قادری مطبوعہ ۱۹۵۳ء، ص ۱۷۵۔

۲۔ ایضاً ص ۳۶۵

۳۔ اب یہ گاؤں آپ کے وجودِ مبارک کی وجہ سے "ڈیرہ باباصاحبؒ" کہلاتا ہے۔

۴۔ مجاہدات و چلہ کشی کے دوران آپ نے کچھ زمانہ چکوڑی اور ویرووال متصل لالہ موسےٰ میں گزارا۔ ویرووال میں آپ کی بیٹھک بھی بنی ہوئی ہے۔ جو بڑی متبرک سمجھی جاتی ہے۔

۵۔ سیف الملوک، جہلمی چھاپہ لاہور ۱۹۲۲ء، ص ۴۶۷۔ ۴۶۸، حالات از ملک محمد ٹھیکیدار۔

۶۔ دانائے راز، تصنیف سید نذیر نیازی لاہور، ۱۹۷۹ء ص ۶۰۔

۷۔ سیرت النصیب، مرتب حافظ محمد فاضل ایم۔ اے مطبوعہ لاہور، ص ۵۴۔ ۵۵۔

تحریر: سید اویس علی سہروردی

بایزیدؒ را دیدم

اس میں غلو کا عنصر بہت کم ہو گا کہ اگر میں کہوں کہ میں نے حضرت بایزیدؒ کو اس زمانے میں حضرت خواجہ محمد نذیر غوری سہروردی قدس سرہ' کے روپ میں دیکھا۔ تاریخ تصوف میں حضرت بایزید بسطامیؒ کو مجاہدہ نفس اور اتباع شریعت کی وجہ سے ایک ایسا کلاسک مقام حاصل ہے جو متقدمین و متاخرین صوفیاء کے لئے ہمیشہ مشعل راہ رہا۔ چنانچہ میں نے حضرت بایزیدؒ کا زمانہ تو نہیں پایا مگر میں نے سال ہا سال جو حضرت خواجہؒ کی خدمت میں گزرے ہیں تو اس دوران میں نے دیکھا کہ آپ بھی مجاہدہ نفس اور اتباع شریعت میں بڑے ہی سخت کوش تھے۔ اس کی ادنیٰ مثال یہ ہے کہ آپ کا وصال تقریباً ۸۴ سال کی عمر میں ہوا مگر میں نے آپ کو کبھی دیوار یا تکیہ کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے نہیں دیکھا اور اتباع شریعت کا تو یہ حال تھا کہ نوافل کی کثرت کے ساتھ کبھی آپ نے سنت غیر موکدہ بھی نہیں چھوڑیں بلکہ آپ اکثر فرمایا کرتے کہ سنتوں کا ادا کرنا ہی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غلامی کا نشان ہے۔

آپ پنجاب میں سہروردی سلسلے کی اس شاخ کے شیخ طریقت تھے جس کے سرخیل حضرت سید کبیر الدین شاہ دولہ دریائی سہروردیؒ ہیں۔ آپ کے مرشد و پیشوا حضرت سید ابو الفیض قلندر علی سہروردی (م ۱۳۷۸ھ - ۱۹۵۸ء) تھے اور وہ مرید قطب عالم حضرت میاں غلام محمد سہروردیؒ حیات گڑھی (م ۱۳۷۱ھ - ۱۹۵۱ء) اور وہ مرید قلندر وقت حضرت شرف الدین بابا جنگو شاہ قلندرؒ اور وہ مرید حضرت سید کبیر الدین شاہ دولہ دریائی قدس سرہ' کے تھے۔

آپ ۱۳۲۷ھ بمطابق ۱۹۰۹ء کو شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق افغان پٹھانوں کے غوری خاندان سے تھا۔ آپ نے ابتدائی تعلیم سیالکوٹ ہی میں حاصل کی اور بعد ازاں اپنے دادا جان کے پاس لاہور تشریف لے آئے۔ آپ نے قرآن مجید اور دینی تعلیم حضرت حکیم غلام محمدؒ (کڑا تارکشاں' اندرون لوہاری گیٹ) سے حاصل کی۔ آپ پنجابی زبان میں شعر بھی کہتے اس ضمن میں آپ کو اپنے زمانے کے استاد شاعر اور درویش حضرت محمد دین المتخلص بہ "صادق" سے تلمذ بھی حاصل رہا۔

جب کلکتہ کے کتاب فروش بھولا ناتھ سین نے "پراچین کہانیاں" کے نام سے

ایک کتاب شائع کی، جس میں سرکار دو عالم ﷺ کی شان میں گستاخی کی گئی تھی اور آپؐ کی تصویر بھی اس میں چھپی تھی تو حضرت قبلہ گاہیؒ نے اپنے دو ساتھیوں حضرت غازی امیر احمدؒ (کشمیری بازار لاہور) اور حضرت غازی عبداللہؒ (گڑھی شاھو لاہور) کے ساتھ اسے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا۔ آخرالذکر دونوں حضرات موقع دیکھنے کلکتہ گئے اور واپس آ کر اطلاع دینے کے بجائے اس لعین کے قتل کی سعادت سے مشرف ہو گئے۔ چنانچہ جب ان کا خط حضرت قبلہ گاہیؒ کو ملا جس میں قتل کرنے کی پوری تفصیل درج تھی تو آپ اسے پڑھ کر روتے تھے کہ دونوں کامیاب ہو گئے اور میں رہ گیا۔ یہ کیفیت آپ کے استاد محترم حضرت مرزا غلام محی الدین سہروردی (م ۱۹۵۲ء) نے دیکھی تو آپ سے اس کا سبب دریافت کیا اور پوچھا کہ تم کیا چاہتے ہو۔ حضرت قبلہ گاہیؒ نے روتے ہوئے اپنے استاد محترم کی خدمت میں عرض کیا کہ "میں چاہتا ہوں کہ نبی اکرم ﷺ فرما دیں کہ تیری جان کی ضرورت ہے" آپ کے استاد محترم نے یہ فقرہ سنا تو آپ کو اپنے ساتھ لیا اور حضرت شیخ الاسلام سید ابو الفیض قلندر علی سہروردی قدس سرہ، کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس طرح آپ نے سلسلہ سہروردیہ میں شیخ الاسلامؒ سے بیعت کی سعادت حاصل کی۔ حضرت سید قلندر علی سہروردی قدس سرہ، امام و مجدد حضرت احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ، کے شاگرد رشید تھے۔

حضرت خواجہ ابو نصیر محمد نذیر غوری سہروردی قدس سرہ، سنت سیہ کے بڑے عامل تھے۔ بڑی محبت اور شفقت سے پیش آنے کے باوجود دین کے معاملے میں بڑے صاف گو اور سخت کوش تھے۔ مختصراً انا عرض کر دینا کافی ہے کہ آپ سنت نبوی علیہ السلام کے حامی اور بدعت کا قلع قمع کرنے والے تھے۔ آپ کا شمار ان شیوخ میں ہوتا ہے جو اکناف عالم میں حجت اللہ بن کر ابھرتے ہیں اور اپنے علم و عمل کے ساتھ عوام کے دلوں پر اپنے نور نظر سے دین اسلام کی ایسی عظمت جاگزیں کر دیتے ہیں کہ معاشرہ اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

آپ متواضع، رحم دل، حد درجہ شفیق اور مہمان نواز تھے ہمیشہ مریدین کو اپنے برابر بٹھاتے اور دوست کہہ کر تعارف کرواتے۔ بڑے صابر، حلیم اور غصہ پر قابو پانے والے تھے۔ غرضیکہ آپ کی حیات طیبہ صلاح، نیک سیرت اور طہارت باطنہ کی ایسی تفسیر تھی کہ آپ کی مجلس میں داخل ہونے والا ہر شخص محسوس کرتا کہ وہ دور اول کے کسی بزرگ کی مجلس میں بیٹھا ہوا ہے۔ آپ نے ایک موقع پر فقیر کو فرمایا کہ میں روحانی تربیت میں اجارہ داری کا قائل نہیں۔ آپ دوسرے درویشوں خصوصاً صاحبان علم سے

ضرور ملیں۔ اس سے خیالات کھلتے اور بہتر ہوتے ہیں۔ ہاں، مگر ہر ایک کا اثر قبول کرنا بے ادبی ہے۔

علم حاصل کرنے، خصوصاً" عورتوں کی تعلیم پر بڑا زور دیتے۔ فرماتے! بے علم نتواں خدا را شناس۔ آپ نے فرمایا درویشی یہ نہیں کہ کسی کا کام ہو جائے بلکہ درویشی یہ ہے کہ بندہ اپنے مالک کی حضوری میں رہے۔ اس طرح انسانی کردار میں جو بلندی پیدا ہو گی وہ ایک صحیح قرآنی معاشرے کی ترجمان بنے گی۔ ایک اور موقع پر فرمایا کہ کشف و کرامات تو ہندو مشرکوں کو بھی حاصل ہیں۔ ان باتوں میں اگر درویش پھنس جائے تو اپنی منزل سے بھٹک جاتا ہے۔ چنانچہ درویش کو چاہیے کہ صرف طالب مولی بنے۔

صوفیاء کی علمی روایت کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں آپ نے کئی مریدین کی توجہ اس جانب مبذول کروائی اور اپنی نگرانی میں تصنیف و تالیف کے کاموں کو جاری کیا اس سلسلے میں آپ نے فقیر سے تصوف پر ایک علمی و تحقیقی مجلّہ "سہرورد" کے نام سے جاری کروایا جو برصغیر پاک و ہند کے اہل مطالعہ حضرات کی خدمت میں بلا معاوضہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں بنگلہ دیش، بھارت، ایران اور کئی بیرونی ممالک کے محققین کے مقالات شائع ہوتے ہیں۔ اسی طرح آپ نے اپنی نگرانی میں کئی علمی پراجیکٹ پر کام شروع کروایا جن میں اجل صوفیاء کی کتابوں کے تراجم بھی شامل ہیں اس سلسلے میں حضرت شاہ ہمدانؒ کی تقریباً" چھ کتابوں کے اردو ترجمے اشاعت کے مراحل میں ہیں جب کہ دو کتابوں سیاح لا مکاں اور دختر ملت کے انگریزی ترجمے Meets The Creator Muhammad اور Woman In Islam کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔

آپ نے اپنی تمام حیات دین متین کی تبلیغ کے سلسلے میں وقف کر رکھی تھی۔ ہفتے کے دو دن بروز پیر اور جمعرات آپ کے ہاں تصوف کی کسی ایک کتاب کا درس ہوتا تھا۔ اب تک کشف المحجوب، مکتوبات مجدد الف ثانی، الفقر فخری پر درس ہو چکا ہے جب کہ عوارف المعارف پر درس جاری تھا کہ آپ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

آپ کا وصال بروز جمعرات ۵ شعبان المعظم ۱۴۱۶ھ بمطابق ۲۸ دسمبر ۱۹۹۵ء کو لاہور میں ہوا۔ آپ کی نماز جنازہ مشہور عالم دین سید مزمل شاہ صاحب (کشمیری بازار) نے پڑھوائی۔ آپ کو آپ کی رہائش گاہ جہانگیر پارک، نیو شاد باغ کے اسی کمرہ میں دفن کیا گیا ہے جہاں آپ ذکر الٰہی میں مشغول رہتے تھے۔ مشہور شاعر و ادیب حضرت ابو طاہر فدا مدظلہ نے آپ کی تاریخ وصال "مقرب ایزد محمد نذیر" نکالی ہے۔

SOHRAWARD

EDITOR : Syed Awais Ali Sohrawardi

PRICE : Rs. 75.00 (5$) ANNUAL: Rs. 300.00 (20 $)

SOHRAWARD is published four times a year
by SOHRAWARDIA FOUNDATION.

Each issue include articles, and comparative studies, related to mysticism (Irfan), Philosophy and bibliography (kitabiyat).

All communications should be
sent to the editor at the following address:

SOHRAWARDIA FOUNDATION
2 - Iftakhir Street, Shakir Road, New Samnabad
Lahore - 54500, Pakistan

"SOHARWARD" 35-Royal Park, Lahore Tel: 042-6363009

"سہروردیہ فاؤنڈیشن" سلسلۂ سہروردیہ کی علمی اور ادبی کاوشات پر تحقیقات کے لئے عالم وجود میں آئی ہے اور سلسلۂ سہروردیہ کے ٹھوس علمی کارناموں کی شایانِ شان نشر و اشاعت کے لیے منظم طریقے سے کام کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

ہم خیال احباب مندرجہ ذیل امور میں فاؤنڈیشن سے تعاون کر سکتے ہیں۔

✿ — کم از کم دس ضخیم جلدوں میں سلسلۂ سہروردیہ کی مکمل تاریخ احوال و آثار کو جمع کرنے کا منصوبہ ——— اسی سلسلۂ کتب کا کوئی مناسب اور باوقار نام آپ کے ذہن میں آئے تو ہمیں ارسال کیجئے۔ کسی سہروردی بزرگ کے حالاتِ زندگی۔ آثار۔ نایاب تصاویر۔ یادداشتیں یا کلام آپ کے پاس ہوں تو ہم مجوزہ تاریخ سلسلۂ سہروردیہ میں انہیں شکریہ کے ساتھ شائع کریں گے۔ کسی سہروردی بزرگ کی تحریر کا ترجمہ ——— اردو انگریزی یا کسی بھی زبان میں آپ نے کر رکھا ہو یا اس سلسلے میں کوئی تحقیقی مضمون آپ نے تخلیق کیا ہو۔ تو سہروردیہ فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام اسے زیورِ طبع سے آراستہ کرنے کے لئے ہماری خدمات حاضر ہیں۔

✿ — قدیم مخطوطاتِ سہروردیہ ——— کے زیرِ عنوان سہروردیہ سلسلے کے بزرگانِ علم و ادب کی قدیم قلمی کاوشات۔ مخطوطات اور نقوش کی ترتیب و تدوین اور اشاعت کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ آپ کے پاس اگر کوئی مخطوطہ یا قدیم نقش موجود ہو تو ہمیں ارسال فرمائیں۔ آپ کا نایاب تحفہ اشاعت تک بطورِ امانت ہماری لائبریری میں رہے گا اور اشاعتی ضروریات مکمل ہونے پر شکریہ کے ساتھ بحفاظت واپس کر دیا جائے گا۔

✿ — دنیا کی کسی بھی زبان میں لکھی ہوئی اگر کوئی ایسی کتاب آپ کی نگاہ سے گزری ہو جس میں سلسلۂ سہروردیہ کو موضوع بنایا گیا ہو تو ہمیں اس کی تفصیل سے آگاہ فرمایئے۔ تاکہ اسے حاصل کر کے اس کا اردو ترجمہ طبع کروایا جا سکے۔

✿ — فاؤنڈیشن کے ترجمان جریدے "سہرورد" کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس کی ضخامت میں اضافہ کر کے اسے بہت جلد ایک باقاعدہ ماہنامے کی صورت دے دی جائے گی۔ اس سلسلے میں آپ کا قلمی تعاون فاؤنڈیشن کے لئے باعثِ افتخار ہوگا۔

آپ کا تعاون۔ مشاورت۔ تجاویز امداد اور عطیات فاؤنڈیشن کے عظیم منصوبوں کو پایۂ تکمیل پہنچانے کے ضامن ہوں گے۔
آیئے! اس نیک کام میں فاؤنڈیشن کے شانہ بہ شانہ کام کیجئے۔
آپ کی راہنمائی انشاء اللہ کلیدِ کامیابی ثابت ہوگی۔

مخلص:

سید اویس علی سہروردی

سکریٹری جنرل

یکے از مطبوعات
سہرودیہ فاؤنڈیشن
لاہور - پاکستان